اولنا محمد اوسطنا محمد اخرنا محمد کلنا محمد

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سرور حبیب

یعنی

قصاید حبیب

از تصنیفات مولوی حمایت حسین خان مرحوم المتخلص حبیب
خلف و تلمیذ افصح الفصحا جناب مولوی ولایت حسین خانصاحب فصیح

اس مجموعہ مین قصاید مدایح و پیدایش چہاردہ معصوم علیہم السلام ہین

مطبوعہ مطبع سیدی چھتہ بازار حیدرآباد دکن

قیمت عـہ سکہ عثمانیہ ۔ سنہ ۱۳۴۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قصیدہ در تہنیت جشن ولادت حضرت ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بہار آئی شکر خدائے زمن
ہیں نکھرے ہوئے گلرخان چمن

لبھاتے ہیں دل عاشق زار کے
حسین و طرحدار غنچہ دہن

نہیں جامہ زیبی کی کچھ انتہا
وہ نورانی مکھڑے چھریرے بدن

وہ مستانہ پن اور وہ اٹکھیلیاں
وہ باتیں انوکھی وہ البیلا پن

چمک کر دکھاتے ہیں جوبن ہزار
وہ بازو پہ ڈھلکے ہوئے نو رتن

گلے میں سہون کے ہیں پھولوں کے ہار
کئے سرخ جوڑے ہیں زیب بدن

معطر ہیں سب انجمن کے مشام
جھکتے ہیں رہ رہکے سیب ذقن

صفائی غضب کی وہ دانتوں میں ہے
کہ غرق ندامت ہیں دُرّ عدن

نظر عاشقوں کی ٹھہرتی نہیں
وہ کندن سی رنگت وہ سیمیں بدن

وہ چلبلیں وہ باتوں میں شائستگی
نہ ابرو پہ بل نہ جبیں پر شکن

کوئی شئے نہیں قابل اعتراض
ہر اک پر ہے اک انتہا کی پھبن

کھلے ہیں ادھر تختہ ہائے گلاب
بچھائے ادھر فرش ہے یاسمن

ہوائے طرب ہے ہر اک نخل کو
اکڑتے ہیں رہ رہ کے سرو چمن

ہیں کثرت سے پھولوں کی خم نخل باغ
ہر اک شاخ گل بنگئی ہے دولہن

فلک اپنی سبزہ دکھاتا ہے جب
مہکتی ہے کوسوں تلک نسترن

نوا سنج شاخوں پہ ہیں بلبلیں
ہیں سکتے کے عالم میں زاغ و زغن

مدینہ ہے رشک ریاض جنان
ہیں حوران جنت بھی رونق فگن

ملائک کا ہر سو ہے اک ازدحام
ہر اک مرد دیندار ہے خندہ زن

گلے مل رہے ہیں بہم مومنین
عجب نور کی آج ہے انجمن

ہیں مصروف خود میر فضل علی
کہ مہمان اونہیں کے ہیں اہل سخن

گلے میں پنہاتے ہیں پھولوں کے ہار
خوشی میں کھلے ہیں سبھوں کے دہن

ادہر عطر بٹتا ہے حضار کو
معطر نہ کیونکر ہو سب انجمن

ہیں مداح حاضر قصیدے لئے
کہ اس سے سوا کیا ہے فضل حسن

ہر اک فرد بے مثل ہے مدح خوان
ہر اک مدح گو ہے وحید زمن

وہ استاد ہیں ناجی خوش بیان
جنہیں مانتے ہیں سب اہل سخن

قصیدہ وہ نایاب ہے نور کا
منور ہے جس سے یہ سب انجمن

دکھاتے ہیں جب دانش اپنی بہار
تو خوشبو سے سارا مہکتا ہے بن

قصیدہ ہی سدرہ کا اوس اوج پر
کہ ہے پست رفعت سے چرخ کہن

ہیں آشہر کے شاگرد بھی بے عدیل
ہے نایاب عمدہ ہر اک کا سخن

ہیں چاروں پسر بھی بڑے باکمال
وہ شیریں زبان ہیں وحید زمن

ضیا کی ہے سارے جہاں میں ضیا
منور انہیں سے ہے ملک سخن

غرض باری آئی جو [illegible] کی
پڑھا یہ قصیدہ بطرز حسن

مطلع

پلا ساقیا بادہ شراب سخن
کہ مستی میں ہو مدح شاہ زمن

کروں نشہ میں مدحت مصطفیٰ
رہوں مثل شیشہ نہ پنبہ دہن

قلم مین روانی ہے مثل سحاب
ہے دریاے طبع روان موجزن

شب کنفدہم ہے سواے سرور
وہ پیدا ہوا بادشاہ زمن

لقب جسکا مشہور ہے مصطفے
حسب بین نسب مین نہین کچھہ سخن

ہے کنیت ابوالقاسم ذی شرف
محمد ہے نام رسول زمن

تھا شعب ابو طالب نامدار
وہین پر ہوے آپ رونق فگن

لکھا ہے کہ تھا عہد نوشیروان
ہوا خلق جب یہہ شجاع زمن

سحر کو ولادت ہوئی روز جمعہ
بزرگی مین کوئی نہین شک و ظن

مہ و مہر نے جس سے پائی ضیا
وہ نور الہی ہے پرتو فگن

یہہ فرماتی ہین حضرت آمنہ
شکم مین جو آیا یہ غنچہ دہن

شب و روز تھی حمد پروردگار
ہر اک وقت تھی طاعت ذوالمنن

یہہ مولود ہے جان عبد مناف
یہ مولود ہے فخر اہل زمن

فرشتاک ہین ہاشم ذی وقار
ہین مصروف حمد خداے زمن

ہین شادان بہت حضرت مطلب
زبان پر ہے شکر خداے زمن

ہین مسرور عبد اللہ ذی شرف
زبان پر یہ پیہم ہین جاری سخن

ترا شکر اے خالق انس و جان
دیا تونے فرزند وہ گلبدن

کہ روشن ہے جس سے زمین و زمان
منور ہے چہرہ بوجہہ حسن

ہنسے دیتی ہین آمنہ بنت وہب
لباس بہشتی ہے زیب بدن

ملائک کا ہر سمت سے ازدحام
ہے خم بہر تسلیم چرخ کہن

مبارک سلامت کی اک دھوم ہے
ہے تہنیت جمع ہین مرد و زن

نہوتے اگر آپ دنیا مین خلق
تو کچھہ خلق کرتا نہ رب زمن

ہوئی خلق اسکے لیے کائنات
یہ ہین مطلب و مقصد ذوالمنن

وہ آیا ہے پرنور ہے جس سے خلق
زمانہ شرف پائے آپ سے
نہ ہوتی اگر ذات عالی جناب
محبت کا نشہ کی جو اک جوش ہے
مہک ہے وہ عارض میں صل علےٰ
ہے چہرے پہ زلف چلیپائے شاہ
گل رخ کی پھیلی ہے ایسی مہک
وہ دندان کہ الماس میں تمکین
وہ ابرو ہیں جن سے ہیں تیغیں خجل
یہی ہاتھ اوٹھتے ہیں بہر خدا
وہ سینہ نہیں جسمیں بغض و عناد
وہ آنکھیں کہ نرگس کو ہو جس سے رشک
مہک گیسوؤں کی ہے پھیلی ہوئی
یہ کس گلشن فیض کی مدح ہے
وہ ہیں پاؤں جو راہ حق میں چلیں
نہیں تاب جو سرکشی کرسکے
اوٹھا زندقے کا جہان سے رواج
دلبری دلوں میں سمائی ہے یہہ
ہے تسبیح و تہلیل پروردگار
مساجد میں ہر سو ہے شور اذان
خدا کو بھی جانا انہیں کے سبب

وہ آیا ہے جو ہے وحید زمن
کسیکو نہیں انسمیں جائے سخن
نہ ہوتی خلق ہوتے زمین و زمن
اوبلتی ہے چاہت میں نہر لبن
معطر ہے زلفوں سے مشک ختن
کہ خورشید تابان کی ہے یہ کرن
معطر ہیں جس سے خطا و ختن
لبوں سے خجل ہے عقیق یمن
جو دیکھیں تو آہو بھی ہوئیں ہرن
انہیں سے ہے جاری سخا کا چلن
وہ دل جس میں ہے الفت ذو المنن
وہ مژگان جو مشہور ہیں صف شکن
ہے شرمندہ خوشبو سے مشک ختن
معطر ہے خوشبو سے کام و دہن
انہیں سے تھمائے زمین و زمن
جھکائے ہوئے سر ہے ہر اہرمن
ہوئے سارے مستوں کے لشکر ہرن
دبا تا ہے شمشیر شہ یا : ہرن
مٹا کفر کا اب جہان سے چلن
نمازوں میں مصروف ہیں مرد و زن
سدا رہنما ہی ہے ان کا چلن

ہیں راضی رضائے الٰہی پہ آپ
ہے یہ بھی کہ حضرت کا شیوہ ہوا
وہ تلوار مشہور جو ذوالفقار
وہ ہے خلق جسکا نہیں بے نظیر
ہیں مصروف یاد الٰہی میں آپ
نشان نبی کا وہ دیکھیے
ہدایت کی خاطر جو آئے ہیں آپ
سزاوار ہے ہر حکومت اوسے
وہ خالق ہے رزق رسان ہے وہی
نہ وہ ہے مجسم نہ کوئی شریک
ہمیشہ سے ہے اور رہے گا سدا
جسے چاہے دم بھر میں کر دے فقیر
گدا ہے تو اک دم میں ہو مالدار
وہ مالک ہے سب سے سوا مہربان
تبھی بھیجے اک لاکھ اسی ہزار
سزاوار ہے بادشاہی
یہ دنیا ہے فانی ہے ناپائیدار
نہ ہے راحت کی جا کافرون کیلئے
مکین ہو گئے سیکڑون زیر خاک
غلامان حیدر کا شرا ہے اسے
کہ ہے بہر بہشتی وقت نزاع

یہی محو طاعت ہیں ستر و علن
وہ چلبل کی رفتار وہ بانکپن
زبانیں ہیں دو ایک ہے پر چلن
وہ ہے عدل خوش جس سے سرور دوزن
سلام علیک اے رسول زمن
بیان کر دے ہے قصہ کل وہین
زبان پر شب و روز ہے یہ سخن
کہ وہ ہے خدائے زمین و زمن
وہ ستار ہے سب کا بیتک و ظن
نہ بیٹا نہ بیٹی نہ بھائی بہن
نہ ماں باپ رکھتا ہے وہ اور نہ زن
جسے چاہے ہو بادشاہ زمن
غنی ہو تو ہو مبتلائے محن
ہیں بندوں پہ الطاف رب زمن
ہدایت کے کرتے رہے سب سخن
خدا تیری قدرت کے اے ذوالمنن
عجب بیوا ہے وفا ہے یہ زن
محب کی ہے خاطر یہ دار محن
سکانوں میں لیتے ہیں زاغ و زغن
ہو دریائے رحمت اگر موج زن
دکھی وقت نیز رح پر ہے کفن

مصیبت میں کوئی نہ آئے گا کام — بجز طاعت خالق ذو المنن
رہوں جو وصف آل پاک میں — نہ ہو ترک مجھ سے یہ فعل حسن
قلم جب اوٹھایا برائے ثنا — دکھانے لگی زور عشق کہن
... کی سے مدح و ثنا — ... نہ کیونکر ہو کام و دہن
... نظم اپنے نثر کہیں — کہ ہوں واصف بادشاہ زمن
... نظم ... کہتے ہیں وہ — جنہیں کہتے ہیں حاصل مذاق سخن
... میں اغیار کیا ذکر دوست — نہیں مجھ پہ فصاحت میں جائے سخن
گلستان میں سب ... بلبلیں — ہے رو برو گل بلبلیں کیا دہن
ازل سے ہے اک عشق آل نبی — جو ہے دین حق دے اپنا چلن
رہوں مدح خوان جب تلک زندگی — نہ ہو ترک مجھ سے یہ فعل حسن
رہیں میرے سرکار عالم میں شاد — جو دشمن ہیں ہوں مبتلائے محن
جو ہیں دوست انکے رہیں شاد کام — جو دشمن ہیں ہوں مبتلائے محن
جو ہے فرض ان پر وہ سب ہو ادا — نہ کچھ ان پہ ہو جور چرخ کہن
... آل و اولاد قایم رہیں — ملے عمر خضر ان کو اے ذو المنن
... اور ... مرتا ہے ... — ... او نیہ الطاف اے ذو المنن
جو احسان کرتے ہیں صبح و مسا — وہ خوشحال ہوں ہر شاہ زمن
جو دشمن ہیں وہ بھی ہوں سب مہربان — موافق رہے مجھ سے چرخ کہن
نہیں ... کسی کا نہ محتاج ہوں — رہے پاس ... نہ رنج و محن
ادا ہوں وہ سب جو ہیں مجھ پر دین — تو ہی ہے مددگار ہر مرد و زن

کسی کا نہ بندے کو محتاج کر — بحق حسین و بحق حسن

نہ ہے آنکھ میں روشنی دلکو چین
نہ رسوا ہو یہ عبد خوار و ذلیل
ہر اک مجھسے بیزار ہے اس سبب
میں اپنے میں پاتا ہوں دیوانگی
غموں کے سبب روح پر ہیں گزند
دکھایا ہے ہیں افلاک نیرنگیان
گرفتار ہوں معصیت کے سبب
نظر میں ہر اک کی ہوں خوار و ذلیل
مدد کا ہوں طالب نہیں تاب صبر
سوا تیرے طالب کسی سے نہو
کروں کس سے فریاد تیرے سوا
مدد کا ہوں طالب کہ مدت سے ہوں
ایمان کا طلبگار ہوں المدد
پھر اب جلد آباد ہو لکھنو
مرادات جب تو میں کرتا ہوں فن
ہوں طالب روا ہے جو بخشش کے
جو احباب میرے ہیں وہ خوش رہیں
الٰہی عطا ہو انہیں عمر خضر
سب ارکان دولت رہیں شادمان
سوا تیرے طالب کسی سے نہوں
جو محتاج ہیں انکو کردے غنی

مطالب ہیں آمین ہو بحق حسن
مشرف ہو بہر رسول زمن
کسی کا کیا کیا ہے اے ذوالمنن
کہ صدہا طرح کے ہیں مجھپر محن
ہوں ساکت نہیں رکھتا گویا دہن
ہزاروں طرح کے ہیں مجھپر محن
خطا میں خجل ہوں میں اے ذوالمنن
موافق نہیں آسمان کہن
سہوں کب تلک جور چرخ کہن
کہ ہر جنبش ہے مبتلائے محن
ستاتا ہے ناحق یہہ چرخ کہن
گرفتار رنج و بلا و محن
کہ دریائے آفت میں ہوں غوطہ زن
کہ سو من میں وان لاکھوں ہیں مرد و زن
اسی میں ہے بخشش بوجہ حسن
الٰہی بحق رسول زمن
رہے ناموس تا جدار دکن
رہے شاد والی ملک دکن
کسی طور کا ہو نہ رنج و محن
رہیں شاد خرسند اہل دکن
ہمیشہ معاون رہیں پنجتن

نکو کار رہین میر فضل علی ۔ رہین شاد یہ صاحب انجمن
سب آ آکے پڑھتے ہین اس جشن مین ۔ ہے جاری انہیں سے یہ شغل حسن
جواب حاضر جشن ہین مومنین ۔ یہہ ہین عاشق بادشاہ زمن
نجار اور طاعون ہو دفع جلد ۔ ہو غلہ بہی ارزان مرے ذوالمنن
مطالب جو ہین انکے اے کردگار ۔ برآئین وہ بہر حسین و حسن
رہین میرے سرکار عالم مین شاد ۔ نہ دنیا کا ہو کوئی رنج و محن
کوئی غم نہ دکہلا انہین ایخدا ۔ رہین شاد سب اے مرے ذوالمنن
سلامت رہین انکے اہل و عیال ۔ ہین سب دل سے یہ عاشق پنجتن

قصیدہ در حال ولادت باسعادت حضرت رسالتمآب ﷺ

آفاق مین آج آمد محبوب خدا ہے ۔ ہر اُمتی شاہِ امم محو ثنا ہے
جو دوست ہین خوش ہو کے وہ ہوتے ہین بغلگیر ۔ ہر ایک محب پہنے ہوئے سرخ قبا ہے
دیکہین تو ذرا غور سے ارباب بصیرت ۔ اس بزم مین اسوقت عجب نور و ضیا ہے
پہولے نہین جامے مین سماتے ہین ہوا خواہ ۔ ہر سمت کو اک غلغلہ صلّ علیٰ ہے
بہیجا وہ پیمبر کہ جو ہے خلق مجسم ۔ معبود کی ہم پر نظر لطف و عطا ہے
ہے منتظر آمد محبوب الہی ۔ ہر فاختہ کی سرو پہ کوکو کی صدا ہے
چہرے پہ وہ ہے نور نہین تاب نظر کی ۔ حوران بہشتی کو بہی اک شوق لقا ہے
بے وحی تکلم نہیں کرتے تہین حضرت ۔ درگاہ مین حق کی سر تسلیم جہکا ہے
جو دوست نبی کا ہے علی کا بہی ہے شیدا ۔ ہر ایک محب مورد الطاف خدا ہے
امت کا بہی خواہ نہین ہے کوئی ایسا ۔ فریاد رس ہر فقرا و امرا ہے

آفاق میں تجھی سے ہوئی ختم نبوت
بے شبہ تو ہی بندۂ مقبول خدا ہے

گو ظلم کئے امت نا اہل نے کیا کیا
شکوا کسی ظالم کا ہے نہ لب پہ گلا ہے

دندان و لب پاک نبی ہو گئے مجروح
پر ورد زبان بخشش امت کی دعا ہے

دنیا تو ہے ناچیز کوئی لیکے کرے کیا
ناجی ہے وہی جو کہ ترا مدح سرا ہے

کچھہ کام نکلتا نہیں غیرونسے کسیکا
مولا تو ہی فریاد رس شاہ و گدا ہے

شہدے ترے رتبونکو یہ سمجھیں تو نہ سمجھیں
اللہ کے آگے ترا اعزاز بڑا ہے

ستر ہویں ہے پیدا ہوئے آج احمد مختار
مسرور ہر اک مومن با صدق و صفا ہے

جعفر حسین گنہگار ہے پر کچھہ نہیں دہشت
تجھپر تو نبی کی نظر لطف و عطا ہے

یا ختم رسل آپ پہ ہے ختم رسالت
بخشش کا ہے کچھہ حصر نہ پایان عطا ہے

کام آئے اگر جان تو کیا چیز ہے جعفر حسین
نام نبی پاک پہ گھربار فدا ہے

جو چاہے عطا کردے اسے جانتے ہیں سب
احمد بخدا مالک سرکار خدا ہے

جعفر حسین اگر نظم کیا کچھہ تو ہے کیا فخر
کوئی نہ حلاوت ہے سخن میں نہ مزا ہے

جعفر حسین نہیں لائق توصیف قصیدہ
یہ نظم سنے کوئی زباندان تو خفا ہے

کس طرح سے توصیف نہ فرمائینگے حضار
آل نبی پاک کی ہر دل میں ولا ہے

جعفر حسین ز بس آمد محبوب خدا ہے
اللہ کے گھر میں بھی عجب نور و ضیا ہے

آراستہ ہے گلشن فردوس معلیٰ
ہر سمت کو اک غلغلۂ صل علیٰ ہے

حوران جنان ہوتی ہیں ہنس ہنس کے بغلگیر
زیب تن رضوان جنان سرخ قبا ہے

جامے میں سماتے ہی نہیں فرط طرب سے
حوران خوش انجام کو یہ شوق لقا ہے

ہر سرو چمن تکتا ہے اوٹھ اوٹھ کے برغبت
ہر فاختہ کی سرو پہ کوکو کی صدا ہے

ہیں جھومے ایسمیں خوشی حد سے ہے بیحد
ہر شاخ پہ بلبل ہمہ تن نغمہ سرا ہے

مطلع
اس جشن کی کیا شان ہے کیا نور و ضیا ہے
الطاف خدا شامل احوال ہوا ہے

ہر مومن دیندار ہے اس جشن میں خوشحال
گھر چھوڑ کے یان آئے ہیں سب دور سے مومن
اس جشن کی تو قدر سے معصوم ہیں واقف
فردوس کی بس بنکے ہوا آتی ہے اس جا
یہہ جلسہ ہمیشہ یونہیں ہوتا رہے یارب
یہ لوگ ہمیشہ رہیں آفاق میں خوشحال
ششدر ہوں میں یار سچ خوشی کیوں نہو ان میں
مسرور ہیں اسوقت ابو طالب ذیشان
شاداب رہے خلق میں گلزار محمد
منہ دیکھکے فرماتے ہیں یہ حضرت ہاشم
ہیں آمنہ بھی آج نہایت ہی فرحناک
سرال مدینہ ہے فرحناک زیادہ
فرماتی ہیں یہ مادر محبوب الٰہی
پورا ہوا ہے حمل کی مدت کا زمانہ
شوہر کے نہونے سے ہیں گریان بھی زیادہ
جاتا ہے نہ میں جاسکی اوس حجرہ سے باہر
دیکھا کہ اوسی حجرہ کی چھت ہوگئی ہے شق
حوران جنان چار نظر آئیں نیچے پھر
آسان ہوئی جاتی ہے اب طلق کی مشکل
اون حوروں کے چہروں سے نمایاں ہے مسرت
پھر آیا نظر خانہ کعبہ یہ علم ایک

پاکیزہ و شفاف یہان فرش بچھا ہے
جنت میں محل پائیں یہی اسکا صلا ہے
کہہ سکتے ہیں اسکو کہ یہہ دربار خدا ہے
اس جشن کو اللہ نے کیا اوج دیا ہے
قمری کی یہ ہر سرو پہ اسوقت دعا ہے
یان جشن محمد کی ولادت کا بپا ہے
فردوس میں بھی آج یہی جشن بپا ہے
سرال وطن شاد و فرحناک سوا ہے
ہم سب کے لبوں پر یہ شب و روز دعا ہے
بیٹا تجھے اللہ نے بے مثل دیا ہے
بیٹا وہ ملا ہے کہ جو محبوب خدا ہے
سب کہتے ہیں اللہ نے کیا فضل کیا ہے
خالق کے تفضل پہ مری جان فدا ہے
سامان کوئی مجھسے نہیں جمع ہوا ہے
پر دلمیں یہ کہتی ہیں کہ کیا زور مرا ہے
بلوادوں کسے پاس یہی فکر ہوا ہے
میں دلمیں یہ کہتی تھی عجب شان خدا ہے
تنہا اونکی زبان پر نہیں یہ فکر کی جا ہے
خدمت کیلئے آئے ہیں یہان آپکو کیا ہے
پہلونکی مہک گلشن جنت سے سوا ہے
یاقوت کی چہرہ دمکتی ہے کیا شان خدا ہے

پھیلا ہوا ہے چار طرف اوسکا پھریرا
یہہ دیکھکے مین ہو گئی دل مین متحیر
وہ حورین جیسے پاس در خانہ مین استاد
تب ہاتف غیبی کی سنی مین نے یہہ آواز
دکھلائے گا تو سب کو وہ خالق اکرم
توحید مین خالق کی ہین جنبان لب اطہر
کچھ کرتے ہین ورد کبھہ خالق سے مناجات
پھر دیکھا کہ ہے ابر وہ مین ایک نمایان
دکھلا دئے اللہ کی قدرت کے تماشے
سب دیکھہ لین اسکو یہ ہر اک چیز کو دیکھے
اوس طفل کو پایا جو نہ پھر اپنی جگہہ پر
اوترا پھر اوسی شان سے وہ ابر زمین پر
دل کو مرے اوس وقت ہوئی تازہ مسرت
ہین کنجیان تین ہاتہہ مین اوس نیک قمر کے
پھر دیکھا وہی ابر نمایان ہوا ناگاہ
پہلے سے زیادہ اوسے سرعت پھر آیا
آئی یہ صدا کیون ہے نہایت متفکر
تا کہہ یہہ مجھے قدرت خالق نظر آئی
پھر تین فرشتے ہوئے فوراً وہین نازل
ابریق مین ہے خلد کا پانی لئے اک تو
اور دوسرے کے پاس حریر ایک جنان کا

توصیف ہو کیا اوسمین عجب نور و ضیا ہے
ہوش آیا تو دیکھا کہ عجب شان خدا ہے
اور سجدہ حق مین پسر ماہ لقا ہے
تو پیشوا سب کا ہے تو ہی راہ نما ہے
آفاق مین یکتا تو ہی محبوب خدا ہے
سر سجدہ خالق مین بصد عجز جھکا ہے
پیدا لب انور سے عجب نور و ضیا ہے
اوس طفل کو لیکر سوئے افلاک چلا ہے
تہا لب یہ کہ یہ حبیب تو مقبول خدا ہے
پہچان لین سب اسکو یہہ محبوب خدا ہے
کیا کیا مرے دلمین ہمین وسواس پڑا ہے
دیکھا اوسی جا میرا پسر جلوہ نما ہے
اک پارچہ خل مین وہ طفل پڑا ہے
اوس سے بہی نمودار عجب نور و ضیا ہے
اوس اوجہ وہ میرا پسر جلوہ نما ہے
دلمین مرے پہلے سے تغیر جو ہوا ہے
دنیا کا تماشا وہ پسر دیکھہ رہا ہے
دیکھا کہ اوسی جا وہ پسر محو دعا ہے
چہرے سے عیان اوسکے عجب نور و ضیا ہے
اور دوسرے کے ہاتہہ مین اک طشت طلا ہے
پیچیدہ سے حسن سے با نور و ضیا ہے

انگشتری اوس پارچے کی تہ سے نکالی
نہلا چکے بچے کو تو کیا دیکھتی ہون مین
پیدا ہوئے ہین آپ وہین سب نے بتعظیم
ہے آج زمانے مین ہر اک شخص فرحناک
ہم جنکی ہین امت مین ہوا آج وہ پیدا
کس سمت ہے ساقی یہہ نہین دیر کا ہنگام
پہلے پئے معبود جہکا رند کو اپنے
سرمدی کا اثر ہونے لگا قلب مین محسوس
بیٹھے ہوئے ہین جشن مین ارباب فصاحت
پیدا ہوا وہ آج جو ہم سبکا ہے سردار
آئے ہین زیارت کیلئے چرخ سے قدسی
کرتا ہون دعا مین کہین حضار سب آ ہین
برآئین ہر اک بانی عشرت کے مطالب
حضار کے ارمان دلی جو ہین برآئین
طاعون بہی ہو دفع مرض دور ہون سارے
بیمار ہین جتنے اونہین صحت ہو بہ عجلت
جو صاحب حسرت ہین وہ ہون دین سے فارغ
ہم سب کی خطا بخش دے اے خالق اکرم
بانی ہے جو اس جشن کا وہ بہی رہے مسرور
ہمسر نہ ہو کچھ مرگ کی تکلیف دم نزع
ہم نار سقر مین نہ جلین بعد فنا کے

خلقت سے عیان جسکے عجب شان خدا ہے
انگشتین پہ اوس مہر کا نقش ایک ٹہا ہے
توقیر کی تکریم کی حرمت کی یہ جا ہے
سب ملکے یہ کہتے ہین کہ احسان خدا ہے
وہ خلق ہوا آج جو محبوب خدا ہے
لا جام طلائی کہ مسرت کی یہ جا ہے
گم گشتہ نہ ہو جائے ابہی ہوش بجا ہے
چہائی ہوئی گردون پہ مسرت کی گہٹا ہے
ہر شخص مسرت کے سبب جہوم رہا ہے
پیدا ہوا وہ آج جو محبوب خدا ہے
اس بزم کی کیا شان ہے کیا نور و ضیا ہے
صدقہ مین شہ دین کے یہ مقبول دعا ہے
جز جس کے لب پر یہی خالق سے دعا ہے
تو رحم کر اب جلد عجب وقت پڑا ہے
ہر ہوین دیدار طلب گار شفا ہے
تو ارض کا مالک ہے تو مختار سما ہے
اب دفع تو کر دے اوسے نازل جو بلا ہے
محجوب ہین ہم سب سر تسلیم جہکا ہے
لب پر یہی مجھ عاجز و مضطر کی دعا ہے
ہے تجہکو بقا اور ہر اک شے کو فنا ہے
پرسان نہین ہم سب کا کوئی تیرے سوا ہے

جو مومن دیندار رہا ہے میں جہان ہے
اوسکا ہی تو ہی مونس و غمخوار رہا ہے

دنیا میں بسر ہو گی کسی حال سے اپنی
اس عالم سے وان گذر ہے تو پھر پوچھا گیا ہے

دنیا میں بسر کر رہا ہے سگ نفس چند
ہو قریب آخر وہ الٰہی یہی دعا ہے

ہر حاجت و مشکل کا تو ہی ہے متکفل
تیرا ہی کرم ہے ہر ایک صبح و مسا ہے

سرکار کے سب مطلب دل جلد بر آئیں
بس یہ ہی تجھ سے ... کی دعا ہے

قصیدہ در تہنیت جشن ولادت حضرت ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وسلم

ہے بسر پیدا ملک کو شادمان ہیں حور عین
کیون گلے ملتے ہین منکر آج ہین ہم مومنین

ہے گلستان جہان غیرت دہ خلد برین
آسمانوں سے زیادہ ہو گیا نور زمین

سر مکان خود بہشتی سے فزون ہے شان میں
بڑھ گئی ہے عرش اعلیٰ سے بزرگی میں زمین

جوش گل آبرو کی دید کا ہے سحر کو
شرق میں دریا چڑھا نور کی شب ہے دو چین

جیب بشر کو دیکھے رخ سے ثبات ہے حیا
آج سب مسرور ہیں کوئی نہیں اندوہگین

سارے بتخانے شکستہ ہو گئے ہیں سربسر
پست کفر و ضلالت ہو گئی ہے شان دین

مادر گیتی کا چمکا ہے ستارا ان دنوں
شان و شوکت میں سوا ہے جانتے ہیں مومنین

کہہ رہے ہیں آج سب صل علی صل علی
دور سے آتے ہیں شرکت کیلیے اہل یقین

اہل عرفان ہے ملاقاتیں ہیں یہ ہیں خلق
یاد کو باقی نہیں اہل خرد میں بغض و کین

مومنین بیٹھے ہوئے ہیں جسم ہیں ملبوس روح
آج کس شادی کی شب ہے جانتے ہیں مومنین

نہ ہو خوشی کا جوش جو دل نے یہ مژدہ دیدیا
گو سر مقصد ہے بہر تو آج جیب آستین

آج آتا ہے وہ شاہنشاہ عالم خلق میں
ایک ادنی سا گدا جس در کا ہے خاقان چین

جسکی خاطر سے بنی گلزار و رنگ ہے امان
حامیوں کا جو ازل سے ہے مددگار و معین

پست جسکے سر رفعت سے اوج آسمان — جسکے نعلین پاک سے انور ہے عرش برین
فخر ہے جسکی کنیزی حوریان خلد کو — جسکی ہے پاپوش چومنا فخر روح الامین
نام جسکا صبح و شام لیتے ہیں ہر ... — تارک دنیا ہے جو لقب شاہنشاہ دین
جسکے باعث سے ہوئے موجود دونوں جہان — دوسرا ایسا کون ہے بجز خالق کا امین
جسکی بیٹی فاطمہ زہرا سی ہے جنکا ... — خویش ہے جس شاہ کا ... حیدر علی
خلق میں مشہور ہے جو شخص محبوب خدا — باعث خلق دو عالم صاحب لولاک و مکین
اب بھی کچھ سمجھا نہ ہو تو اور کچھ بھی سن بتا — اوسکی آمد جسکے کہتے ہیں ختم المرسلین
نام نامی ہے محمد جان عالم ہو فدا — ہے یہ حسن ... محبوب ... لکھو
جسکے کیفیت سے ہو لی خود رفتگی جسکے سوا — شادمان ایسا ہوا میں ... جسکی یقین
شکر کے سجدے کئے جھک جھک کے بہم باد — پہلا ... جھکا ... تہ ...

مطلع

اے حبیب کبریا اے خسرو دنیا و دین — کون ہے وہ آپکی ہے جسکو ...

مطلع

ہاں کہ مہ ہے اسطرف آ ساقی زہرہ جبین — مجھکو پہلے ہی جھکا دے دیکھ اب ہی ...
سامنے میرے لئے مضمون نئے موجود ہیں — فضل خالق سے ہے امداد میں ...
اسطرف ہے اسے پڑی رونق آ جام و سبو — دیکھ کیفیت ... شراب العاشقین
مجھکو بھی ہو جائے جلدی نشۂ حب جناب — ...
وصل حوروں سے میسر ہوگا باغ خلد میں — ...
ساقیٔ کوثر کی ولا میں ہو نہ ہوگے چاہ ہے — ...

جلد ہو یارب بس اب مہدی ہادی کا ظہور
پھر گئی ہے اب بہت کفر و ضلالت سے زمین

اب دعا ختم کر حیدر جلیس تو اپنا کلام
سب گئے ہیں آئیں ملکر جمع ہیں جو مومنین

بانی محفل کے سب مطلب بر آئیں جلد تر
سب ہیں مسرور جو حاضر یہاں ہیں جتنے مومنین

دفع ہو طاعون ارزانی غلہ ہو شتاب
سب غنی ہو جائیں حاضر یہاں ہیں جتنے مومنین

جنکے اولاد نہیں فرزند ہوں اونکو عطا
شادیاں دختر کی کر دیں ہوں غنی سب مومنین

جلد صحت پائیں وہ دیندار ہے جنکو بخار
ہر مرض کو دفع کر اے مالک روئے زمین

ہوں زیارت سے مشرف حج کریں ہوں مالدار
قرض ہم سب کے ادا ہوں بہر ختم المرسلین

ہم گنہگاروں کے کل جرم و خطا کو بخش دے
غیر تیرے کس سے کہیں ہم یا الٰہ العالمین

پنجتن آل عبا کو ختم ہو ہمکو اب
سب ہیں مسرور دنیا میں یہیں جتنے مومنین

اور سے سرکار کے جتنے طالب ہیں بر آئیں
وہ کہیں آئیں سب ملکر جو یہاں ہیں مومنین

مطلع

قصیدہ در تہنیت جشن بعثت حضرت رسالتماب صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم

آج ہی بعثت پیمبر ہے
شاد و مسرور رب اکبر ہے

بست و ہفتم رجب کی ہے مسعود
سب دنوں سے یہ روز بہتر ہے

وحی نازل ہوئی ہے آج ہی سے
خوش ہر اک تابع پیمبر ہے

ہوئی چالیسویں برس بعثت
شاد ہم سب ہیں شکر داور ہے

نور چہرے کا ہو گیا ہے سوا
کہ نبوت کا تاج سر پر ہے

آئے کوہ حرا پہ روح امین
حمد معبود میں زبان تر ہے

ساتھ ستر ہزار قدسی ہیں
سرخ چہرہ ہر اک کا یکسر ہے

عرض کرتے ہیں یہ پیمبر سے
آج مسرور رب اکبر ہے

ہوئے جس وقت آپ آٹھ دن — شامل حال فضل داور ہے
آپ نازل ہوئی رسالت ہے — آپکا مرتبہ فزون تر ہے
خاتم و خاتم شفیع ہین آپ — آپکو یہہ منزلت میسر ہے
مہر ہے پشت پہ گواہی کی — نام نامی کی شان اظہر ہے
آپ ہی خاتم النبیین ہین — ختم نعمت جناب ہی پر ہے
تہنیت کیلئے ہم آئے ہین — درسک خوشتر عدد مکرر ہے
پھر وہ کرسی بلند قدر آئی — عرش سے پایہ جسکا برتر ہے
تھی وہ یاقوت سرخ کی کرسی — گل مرصع ہے رنگ احمر ہے
ایک پایہ تو ہے زبرجد کا — ایک موتی کا پایہ دیگر ہے
پھر یہ کہتے ہین جبرئیل امین — اب یہ ارشاد رب اکبر ہے
جا کے کرسی پہ کیجئے حمد خدا — آپ کے واسطے یہ بہتر ہے
دست شہ مین لوائے حمد دیا — اور کچھہ حالت پیمبر ہے
اٹھ گئے تھے حجاب کے پردے — منکشف حال چرخ اخضر ہے
اب کوہ حرا سے اوترے ہین — خوب پرنور روئے انور ہے
سجدے کیونکر کرے نہ سب خلقت — فخر اسلاف یہہ پیمبر ہے
رحمت کبریا نے گھیر لیا — کہ یہہ محبوب رب اکبر ہے
تاب کیا ہے جو کوئی دیکھہ سکے — جلوۂ نور حق سراسر ہے
لائے ایمان دوست حضرت پر — حال سب دشمنوں کا ابتر ہے
کیون نہ مومن گلے ملین باہم — شاد ہر پیر و ہر پیمبر ہے
روک لے اب قلم کو اے جلیس — خاتمہ مدح کا دعا پر ہے
ہمکو ایسا نبی خدا نے دیا — مثل جسکا کوئی نہ ہمسر ہے

رحم کر ہم سب ہو خیرات خالق — تو ہی رازق ہے نعمت کا پرور ہے
ہمکو اور فیق توبہ دے عمل کی — نیک انجام عشق سرور ہے
ہوں مشرف زیارت و حج سے — کہ یہ تکلیف شرع پر ہے
ہوئے غلے کی جلد ارزانی — حال سب مفلسوں کا ابتر ہے
لاولد ہیں انکو دے فرزند — تیرے سینے میں قلب مضطر
سب ہوں مقروض دین سے فارغ — انکو کر دے غنی تو بے زر ہے
جتنے بیمار ہیں وہ صحت پائیں — تو ہی شافی ہے بندہ پرور ہے
دفع طاعون ہو خداوندا — تیرے بندوں کی جان لبوں پر ہے
دور ہو جائے شہر سے بخار — اس مرض سے ہر اک کو ڈر ہے
حشر ہو ساتھ آل احمد کے — بس یہی اپنے حق میں بہتر ہے
میرے سرکار بھی رہیں خوشحال — تو سخی ہے تو بندہ پرور ہے

قصیدہ در تہنیت جشن بعثت حضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دم بھروں کیونکر نہ جب احمد کی سجاہ کا — نشہ میں ہے جو ہے متوالا فقیر اللہ کا
مے سے کیوں توبہ کروں باعث کیا اکراہ کا — خلد ہے انجام محبوب خدا کی چاہ کا
احمد مختار کی بعثت کا دن ہے ساقیا — جام چھلکا دے مرا صہبائے نور اللہ کا
ساغر گل میں پلا ایسا ہو کانٹا گلے — مست الفت سے ہے متوالا [illegible] کا
اس پری کا عشق ہے روز ازل سے ساقیا — تا بلیغ زبان ہوں سالک [illegible] آہ کا
بھر دے اے ساقی مئے کوثر سے کشکول گدا — ساقی گلفام کر سودا خدا کی راہ کا
میں تو پیتا ہوں شراب حب احمد روز و شب — ہیت و مشرب [illegible] آہ کا

دور دورہ ختم تک تیرا رہے زیر فلک ۔ پاس لازم ہے تجھے محمد زند حق آگاہ کا
بھٹیوں پر آج کیونکر ہو نہ ڈنکا جھم جھم ۔ رو در بہشت آج ہی تو ہے رسول اللہ کا
ابر سے چھایا ہوا پڑنے لگی مینہ کی پھوار ۔ چار سو جلوہ عیان ہے رحمت اللہ کا
بھر دے ساغر آج اے ساقی شراب خلد سے ۔ تجھکو طے کرنا ہے میدان آج مدح شاہ کا
احمد مختار کی مدحت جو ہے مد نظر ۔ ہاتھ چمکا اس میں صدقہ رسول اللہ کا
عید کا دن ہے لگا دی میرے منہ سے خم کا خم ۔ دم بھر کر آیا ہوں در پہ رسول اللہ کا
یعنی مدح ہے قرآن کی ثنائی لا کلام ۔ خال رخ شاہ سے نقطہ کلام اللہ کا
دیکھ لیں جھنڈا سب کوہ حرا کا آج موج ۔ کھینچا ہے نقشہ رسول حق کی جولانگاہ کا
جتنے قدر حکم تھا کوشش نظم میں کی بلیغ ۔ قافیہ کوئی نہ چھوٹا شکر ہے اللہ کا
شور ہے وہ دوستی جسنے نہ کی شرک قبول ۔ آپکی الفت ہی سے شیریں ہے پانی چاہ کا
کونسی وہ شے ہے جو تحت حکومت اب نہیں ۔ ہو گیا کونین میں قبضہ رسول اللہ کا
دوستان شاہ والا کے ہیں چہرے لال لال ۔ رنگ رخ ہے زرد ہر اک مشرک گمراہ کا
ناصیہ سائی ترے در کی شبانہ روز ہے ۔ بس اسی بستی میں رہتا ہے فقیر اللہ کا
سجدہ گاہ قدسیان ہے تیری درگاہ لطیف ۔ سر اسی چوکھٹ پہ ہے ہر اک گدا و شاہ کا
جیسے روئے پاک احمد پر نظر کی صبح دم ۔ اجر حاصل ہو گیا ختم کلام اللہ کا
پیشوا علوا عنت مرضیہم سمجھے تری بیتک رہا ۔ پیشوا دونوں جہان میں تو ہے خلق اللہ کا
پست تر افلاک میں اتنا رہے اوج و شرف ۔ مرتفع عالم میں ہے پایہ تری درگاہ کا
پناہ غم سے ہوئی حاصل رہائی دفعتا ۔ دم بھرا کرتے ہیں یوسف بھی تمہاری چاہ کا
دوستوں کو ہو گئی مبعوث ہونیکی خوشی ۔ جنسے حاسد ہیں نشانہ ہیں وہ تیر آہ کا
جاتے ہیں سب علم لیکے گئے اور بھاگ آئے ۔ معرکہ حیدر سے سر ہوتا تھا پرخاش کا
دوش احمد پر چڑھے حیدر یہ نئے توڑے صنم ۔ ہو گیا گھر سب سے اونچا بیت اللہ کا

خبری تجھے شرح سے سنی تھی یہ خبر
اذن تجھے احمد کو تھا ہے خدا نے شرف
کام آتے ہیں یہی دونوں جہاں میں اکرام
دل ابھی غفلت میں ہے کیوں اے تجھکو سمجھ نہیں
نقل خالق سے کی اس جہر کی ہے خلق میں
آن قصیدہ اور بھی لکھ شان احمد میں تجھے
سامعین بھی دل لگا کر سن رہے ہیں شوق سے

دیدار کا ... ہو رہا ہے رسول اللہ کا
شعر ... نقش ... شہنشاہ کا
درس ہی بہتر ہے سدا آل رسول اللہ کا
ہے اگر اسود ہمیشہ سے خدا کی راہ کا
نا اگر ہے بحر جس میں ہے دربار شہنشاہ کا
شامل اس ذیل ہے شکر کرم اللہ کا
پڑھ وہ مطلع جس سے دل خوش ہو اک ذیجاہ کا

مطلع

ذکر بعثت ہے زبان پر اوس شہ ذیجاہ کا
وصف لکھتا ہوں نبی امّی ذیجاہ کا
دو کمان سے فرق کم تھا عبد و معبود میں

بام ہے کوہ حرا جسکی تجلی گاہ کا
ہے صریر کلک یا نغمہ ہے بسم اللہ کا
عرش بھی اک بام ہے حضرت کی جولانگاہ کا

مطلع

لکھ رہا ہوں وصف کس رخ شہنشاہ کا
جب حریم قدس میں تھا نور داخل ہوئے
ہو گئے جب معراج سے اوترے زمین پر مصطفیٰ
رات دن حمد خدا نعت احمد ہے ہی کام
جو ترے مجھ سے چل سکے نہیں نقش قدم
حال معراج نبی لکھنے کو بیٹھا ہوں جو میں
ساقیا اک جام دے آباد تیرا میکدہ

دائرہ ہر حرف کا گنبد ہے بسم اللہ کا
قدسیوں میں غل ہوا گرد نبیہ بسم اللہ کا
غل ہوا ہر سمت بسم اللہ بسم اللہ کا
گوشہ عزلت ہوا گنبد ہے بسم اللہ کا
نیزہ خطی بنے گا میم بسم اللہ کا
غل فرشتوں میں ہے بسم اللہ بسم اللہ کا
عبد کا یہ دن ہے سودا کر خدا کی راہ کا

مدح احمد کر کے منہ سے جو اور اب مدح خوان
غل فرشتون نے کیا ملک خدا اک اللہ کا

بست و ہفتم ہے رجب کی کیون نہ ہم مسرور ہون
روز بعثت ہے محمد ابن عبد اللہ کا

وحی نازل آج ہی سے شاہ والا پر ہوئی
نام ہے کوہ حرا جس کی تجلی گاہ کا

آج ہی تک نبوت سے ہوئے ہین سرفراز
سرخ ہے چہرہ ہر اک شہ کے ترقی خواہ کا

ہو کے خوش کوہ حرا پر آئے جبریل امین
تہنیت دیدیکے پہنچا یا سلام اللہ کا

سال تہا چالیسوان بعثت جو حضرت کی ہوئی
اور بہی رتبہ بڑہا عالم مین اس ذی جاہ کا

ہین فرشتے ہمرہ روح الامین ستر ہزار
دوستون مین شور برپا ہے تحمید اللہ کا

جمع ہین احباب مولا کے سوائی ہین قرین
کوہ کے جو گرد اک مجمع ہے خلق اللہ کا

ہے خوشی ہم سبکو یہ حضرت ہوئے مبعوث آج
کام نکلا انکا عالم مین خلق اللہ کا

دہوپ مین سایہ فگن رہتا تہا سر پر آفتاب
پر نظر آتا نہ تہا سایہ رسول اللہ کا

آپ ہی پر ہے نبوت ختم یا خیر الوریٰ
حشر تک سکہ رہا دین رسول اللہ کا

کرسی یاقوت پر جلوہ فگن ہین شاہ دین
عرش سے پایہ فزون ہے آپکی درگاہ کا

لیجیے کرسی پہ چڑہکر حمد خلاق ازل
عرش ہی پایہ ہے ارفع تر رسول اللہ کا

دست حضرت مین لوائے حمد ہی سحکر دیا
کہکشان ہی ہو گیا پر نور جادہ راہ کا

فرق شہ سے کوئی طایر اوڑ کے جا سکتا نہین
پہر سلیمان دم بہر ہین کیونکر نہ اس ذی جاہ کا

خواب و بیداری مین یکسان سنتے تہے سبکے کلام
وصف ہی مشہور تر یہہ بہی رسول اللہ کا

دیکہتے تہے سبکو یکسان آپ رو و پشت سے
حال ہو جاتا تہا ظاہر راہ دو سہ ماہ کا

آیت و جب بالا قدون سے تہے سوا وقت خرام
مرتبہ ارفع ہے عالم سے رسول اللہ کا

نرم جا پر تو عیان ہوتا نہ تہا نقش قدم
سنگ خارا پر نشان بنتا تہا پائے شاہ کا

چلتے تہے جب تو نخل خشک کو کرتے تہے تر
ایک ادنی معجزہ یہہ ہے رسول اللہ کا

روضے سرور کی زیارت مین ہے حج کا ثواب
جنتی ہے وہ جو شیدا ہے رسول اللہ کا

پشت پر مہر نبوت ہے گواہی کیلئے
آپ ہی پر ہے ہمیشہ سے کرم اللہ کا

خاتم و خاتم مطلع مرحق میں شاہ دین
مثل عالم میں نہیں کوئی رسول اللہ کا

کرسی یاقوت ہے بالکل مرصع سر بسر
ماند ہے جس کا سے سراسر نور مہر و ماہ کا

ایک موتی کا سا اک پایہ زبرجد کا ہی ایک
تیسرا جو تھا سے پایہ رحمت اللہ کا

سامنے سے اڑ گئے افلاک کے یاقوت جہات
دو کمانوں سے بھی کمتر قرب ہے اللہ کا

تہنیت کے واسطے گردون سے آئی میں ملک
مرحبا کا غل ہے برپا اور خدا اک اللہ کا

آج جھک جھک کر گلے ملتے ہیں باہم مومنین
کیوں نہ سب خوش ہوں کہ یہ جلسہ ہے جشن شاہ کا

اب دعا پر ختم کر حسرت تو اپنا کلام
سب کہیں آمین یہ جلسہ ہے جشن شاہ کا

جار ضمے سے فیض سے عرف ارزانی غلہ بھی ہو
پالنے والا تو ہی ہے ہر گدا و شاہ کا

جشن کے بانی کیے اور حضار کے مطلب انکن
سن لے میری کبریا صدقہ رسول اللہ کا

دو جہان میں جو آپ کے لیے ... یا امن امان
دونوں عالم میں برا ہو آپ کے بدخواہ کا

عیش و عشرت میں مرے ... کی ہو وہ
ایک ہی یہ غم کہ ہو صدقہ رسول اللہ کا

قصیدہ تہنیت جشن ولادت حضرت ختمی مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ جو ہے نہیں خلق میں یہ جشن بپا ہے
ہاں یہ شب میلاد رسول دوسرا ہے

بالائے زمین نور خدا جلوہ نما ہے
جو ناز کرے ارض مدینہ وہ بجا ہے

آتی ہے نہ زہرہ کی صدا چرخ سے پیہم
مجرے ہی کیے جاؤں ابد تک تو بجا ہے

کیا قدر شب قدر کی اس رات کے آگے
یہ رات ہے وہ رات کہ جو عرش فزا ہے

ملتے ہیں جو ہم جھک کے گلے مومن و دیندار
اک غلغلہ صل علی صل علی ہے

کیا مدح کف خاک کرے نور خدا کی
اللہ نے وصف انکا کتابوں میں لکھا ہے

قطعہ

تشریف لیس اب لاتے ہیں مولا سوے دنیا
یہ حال صبا نے جو گلستاں میں کیا ہے

شاخون نے سلامی کے لئے سر ہیں جھکائے
ہے وجد کہ ایک ایک شجر جھوم رہا ہے

ہے شوق میں اودر کی طرف دیدۂ نرگس
سبزے نے بھی سر چار طرف شوق کیا ہے

سر سبز ہوں سب دست معاند تہے پامال
ہر شاخ پہ یہ بلبل شیدا کی صدا ہے

سنکر خبر آمد سلطان رسالت
زر غنچوں نے مٹھی میں تہا کر لیا ہے

سلطان الوالعزم کی آمد سے جہاں میں
آغوش بریں میں بھی ڈنکے کی صدا ہے

باعث ہی خلقت کے ہیں دیکھو کہ خدا نے
لولاک کا نشان ہیں مولا کی کیا ہے

کیا مدح کروں بادشہ کون و مکان کی
اللہ نے بھائی انہیں حیدر سا دیا ہے

ہے دختر فرخندہ لقب فاطمہ زہرا
زوجہ بھی خدیجہ سی ملی اہل وفا ہے

کونین کے مختار ہیں مولا کے نواسے
ہے ایک حسین ایک حسن سبز قبا ہے

سردار ہیں دونوں یہ جوانان جنان کے
معبود نے حاکم انہیں جنت کا کیا ہے

بخشی گا خدا اوسکو جسے بخشیں گے حضرت
منسوب جو انکا ہے وہ مرد خدا ہے

خود وحی کوئی بات نہیں منہ سے نکلتی
انکا ہے وہ احکام جو احکام خدا ہے

قطعہ

ہر ایک سے بیشک یہ رتبے میں افضل
ادنیٰ سی ہے یہ بات مگر غور کیا چاہیے

اللہ نے قرآن میں ایک ایک نبی کا
عیسیٰ کہیں موسیٰ کہیں انکا کہیں نام لیا ہے

کیا حفظ مراتب ہے پیمبر کا ہمارے
انکو کہیں [illegible] کہیں انہیں کہا ہے

کچھ خوف نہیں قبر کا اور حشر کا حسنؔ
ہم اوسکے ہیں مداح جو محبوب خدا ہے

قصیدہ در تہنیت جشن ولادت جناب امیر علیہ السلام

کمال شاد و فرحناک ہیں صغیر و کبیر
جہان میں آج تولد ہوئے جناب امیر

ہوا ہے آج وہ پیدا ہزار شکر خدا
جو بادشاہ ہمارا ہے اور نبی کا وزیر

وہ دیکھتے ہیں فضائل کو دل سے سنتے ہیں
جو ہوشیار ہیں آفاق میں سمیع و بصیر

حضور فضل خدا سے ہیں والد حسنین
بزرگیوں سے ہیں واقف ہر اک صغیر و کبیر

ریاض مدح سرائی کا پھل ملے گا ضرور
بہشت خلد ہے مداح شاہ کی جاگیر

کرم سے آپکے شاداب کشت نعمان ہے
برا عقو نہ برستا ہے جم کے ابر مطیر

یہی تھی فکر کہ ترویج دین حق ہو سدا
نہ کیوں حضور سے راضی رہے خدائے قدیر

دلوں پہ ضربت حیدر کے کیوں نہوں سکے
جہاں میں ہے لقب بادشاہ خیبر گیر

ہمیشہ راہ خدا میں جہاد کرتے تھے
خدا نے کی ہے عطا ذوالفقار سی شمشیر

نبی کے بعد علی ہیں امام ہر دو سرا
وصی نبی کا رہا مرجع غریب و امیر

بہشت خلد ولائے علی سے ملتا ہے
علی کی چاہ میں جاری ہے حوض شہد و شیر

علی کے رتبۂ اعلیٰ کی انتہا ہی نہیں
نبی نے بیٹی دی خالق نے کی عطا شمشیر

عیاں ہے سب پہ کہ عیسیٰ پہ فوق اوسکو ہے
ہوا ہے کعبہ میں پیدا جو صاحب توقیر

رجب کی تیرہویں شب ہے کیوں نہ ہو مسرت
جہاں میں آج تولد ہوئے جناب امیر

ہزار شکر کہ حاصل علی سے ہے بیعت
مطیع امر ہیں ہوئے نہیں حدیث غدیر

بھلا علی کی عبادت کا حصر کیونکر ہو
ہزار ہوتے تھے ہر شب میں نعرہ تکبیر

یہی ہے خوب علی سے رکھے سدا الفت
ثنائے شاہ نجف ہوئے بعد حمد قدیر

رہے مطیع ہر اک وقت میں علی ولی
مدام پیش نظر تھا نوشتۂ تقدیر

نبرد میں اسد اللہ ہی رہے غالب
ہمیشہ جلتے رہے حاسد و بنہ تنگ کے تیر

علی سے لڑنے جو آئے گئے جہنم میں
تھی ذوالفقار کے دونوں پہلوؤں میں کیا تاثیر

خدا کے شیر سے بزدل نہ کس طرح التجا
پڑی تھی یاد میں مرحب کے سونیکی تحقیر

حضور ہی تو ہیں مشہور مصحف ناطق
جناب ہی تو ہیں قرآن پاک کی تفسیر

نبی کے نور نظر فاطمہ کے لخت جگر
علی سے شیر کے ہیں شیر شبر و شبیر

ملا ہے پایہ اعلیٰ علی کو شکر خدا
کہ زیب عرش بریں ہے حضور کی تصویر

ہمیشہ سونکو مبارک ہے یہ جو پائی
ہمیں ہے خاک در مرتضیٰ علی اکسیر

جو پیرواں علی ہیں وہی معزز ہیں
ذلیل و خوار ہوئے منحرف رہے جو شریر

ملا ہے پائی علی پر نجف مدت تک
اسی سبب سے درخشاں ہے روئے مہر منیر

علی نے بیر الم میں کنوئیں جھکائی میں
جنوں کے غول ہوئے ایک ضرب میں تسخیر

علی کی مدح و ثنا میں زبان قاصر ہے
ہیں زوج فاطمہ و بازوئے رسول کبیر

علی کے رتبوں میں کسکو بھلا ہے ترک و ریب
خدا کے ہاتھ ہیں اور بازوئے رسول قدیر

علی کا واسطہ دیکر کریں خدا سے طلب
مراد پائینگے ہیں مومنین عبث دلگیر

فقیر دوست ہیں مولا مرے دل و جان سے
ہمیشہ کہاتے تھے رغبت کے ساتھ نان شعیر

بجز خدا کے نہیں چاہی کبھی کسی سے مدد
رہے جناب دل و جان سے تابع تقدیر

سخی ہیں ایسے کہ سترپاک نہیں عزیز کیا
شجاع ایسے کہ آفاق میں نہیں ہے نظیر

اناج دوش پہ لیکے غلہ کو جاتے تھے
ہمیشہ ہوتے رہے پرورش یتیم و اسیر

ہمیشہ رہتا تھا لذات دنیوی سے حذر
نمک سے کھاتے تھے اکثر جناب نان شعیر

علی ہیں بندۂ مقبول اسمٰعیل تک کیا ہے
نبی ہیں دین کے سلطان اور علی ہیں وزیر

علی ہیں رزق رساں ہم سبہوں کے بعد خدا
نہیں ستاتا کسی بیگناہ کا اچھا
جناب فاطمہ بنت اسد ہیں خود ناقل
یہ دیکہی ہیں کہ کعبہ سے مس نکلہ کو کردن
میں پہنچی در پہ تو دیکہا ہے مجمع مردم
تو پیٹ پڑ گئی دیوار کعبہ کی میں حزین
یہ دیکہا میں نے کہ دیوار دفعتا ہوئی شق
میں سر جہکائی بجلت جو ہو چلی داخل
وہیں بہشت کی کچہہ حوریں ہی نظر آئیں
وہیں خدا نے عنایت مجہے کیا فرزند
رطب انار عنب سیب میوہ جنت
سمجہکے فخر مری سب نے ملکے خدمت کی
وہاں سے میں نے نکلنے کا جب کہ قصد کیا
سنی یہ میں نے اک آواز ہاتف غیبی
یہ نام میں نے کیا اپنے نام سے مشتق
وصی احمد مرسل خلیفہ برحق
میں نکلی کعبہ سے باہر تہا ہاتہ پر یہ طفل
کیا علی نے تبسم جو کی نبی پہ نظر
شہادت آپکی دیتا ہوں اسے نبی تحا
پڑہا صحیفہ آدم موافق تنزیل
زبور حضرت داؤد اور تمام انجیل

علی کے ہاتہ میں ہی کل جہان کی تحریر
رہے گا چرخ میں تا حشر آسمان پیر
جو درد زہ کی اذیت سے میں ہوئی دلگیر
بہت حلہ آسان کر یگا رب قدیر
وہیں یہ ہوئی فقط بہی اور ہی جم غفیر
دعا ہی کرنے نپائی تہی کچہہ کنیز حقیر
ندا یہ آئی کہ آ اندر اسے کیوں دلگیر
شگاف ہی تہا برابر بحکم رب قدیر
وہ بولیں آئے ہیں خدمت کو ہم نہو دلگیر
دکہائی دی یہ عجب قدرت خدائے قدیر
غذا لطیف ترین و لطیف آب کثیر
کہاں تلک میں کروں شکر مالک تقدیر
تو شق ہوئی وہی دیوار پہر بلا تاخیر
کہ اسکا نام علی ہے یہ صاحب توقیر
یہ ذی وقار ہے مالک ہے صاحب تقدیر
عطا کیئے ہیں اسے میں نے معجزات کثیر
تو دیکہا میں نے وہی جا پر رسول رب قدیر
کہا سلام خدا تجہپہ اے بشیر و نذیر
زمانہ بہر میں کوئی آپکا نہیں ہے نظیر
کہا کہ بعد خدا آپ ہیں سبہوں کے نصیر
سر ایک جا سے پڑہی اپنے نانا تا اخیر

عجب شان سے توریت بھی پڑھی ساری — جو سنتے حضرت موسیٰ تو ہوتے شاد کثیر
غریب لہجے سے قرآن کی تلاوت کی — فصاحتوں سے پڑھا ابتدا سے تا بہ اخیر
علی کے رتبہ اعلےٰ کو کوئی کیا سمجھے — بس انکی شان سے آگاہ ہے خدائے قدیر
نہیں ہے ایسا خدائی میں کوئی بندہ اور — ہے انکی شان خدائی کی کیا کروں تحریر
قلم کو روک کے جز جس حق سے لب پہ دعا — وہ مستجاب کریگا کہ ہے سمیع و بصیر
جو بانی جشن کا ہے اور جتنے ہیں سات — کہیں وہ ملکے سب آمین کبریا ہے قدیر
مطالب دلی سب مومنوں کے بر آئیں — ترا ہو فضل و کرم ہم پہ اے خدائے قدیر
علیل جتنے ہیں وہ مومنین صحت پائیں — تو ہی حکیم ہے اے خالق سمیع و بصیر
تمام ملک میں پھیلا ہوا ہے جو طاعون — تو دفع کر دے اسے بہر حضرت شبیر
جو کچھ ادائیوں میں ہم سے نہیں وہ ادا ہو جا — تو عفو کر دے جو ہمسے ہوئی ہو کچھ تقصیر
فلک کے ظلم و ستم سے ہیں مومنین رنجور — مگر تو مالک و مختار ہے تو ہی ہے قدیر
نجف کی سب کو زیارت نصیب ہو امسال — بلائیں روضہ پر نور پر جناب امیر
الٰہی جلد ہو غلّے کی اب تو ارزانی — تنگ آ گئے ہیں اس قحط سے امیر و فقیر
نہیں جو صاحب اولاد انکو دے فرزند — تو وہ بھی جشن میں حاضر رہیں بصد توقیر
گناہ بخش دے ہم سب کے اے رحیم و کریم — نہ تا کہ حشر میں ہو جائیں ہم ذلیل و حقیر
ہیں جتنے صاحب دختر فراغ عقد سے پائیں — غنی ہوں جتنے ہیں محتاج ہوں غریب و امیر
ہمارے قلب کو سرطور کے عطا کر چین — جلیں نہ قعر جہنم میں عاشق شبیر
ہو خانہ زاد پہ بھی لطف کی نظر مولا — عطائے شہ سے غنی ہو گئے تمام فقیر
رہیں جہان میں مسرور و شاد فخر الملک — بر آئیں مطلب دل انکے اے خدائے قدیر
ہو عمر میں برکت دولت و حشم ہو فزون — کہ دل سے کہتے ہیں یہ بھی ہیں فضل رب قدیر
یہ دیکھیں سینکڑوں بچے رہیں ہمیشہ شاد — نہ ہووے کوئی غم انکو بجز غم شبیر

کہیں نہ سمجھے کوئی کہ میں [illegible]
جہاں میں مرے سرکار [illegible]

تو ہمہ لطف و کرم کر تو ہی ہے رب قدیر
کہ انکے فیض سے اکثر غنی ہوئے ہیں فقیر

قصیدہ در منقبت امام اول حضرت علی علیہ السلام

مطلع دیوان ثنائے ایزد غفار ہے
یعنی مطلع نعت پاک احمد مختار ہے

منقبت ہے اوس علی کی باعث حسن قبول
وہ علی جو وارث شہ قاتل اشرار ہے

وہ علی ہمراہ معجز تھا مشکل کشا
وہ علی والا جسکی تاج زنار ہے

وہ علی بازو تھے احمد دست حق زوج بتول
وہ علی شیر خدا جو خلق کا سردار ہے

وہ علی سائل کو جسنے انگشتری دی قطار
وہ علی جو بیکسوں کا قلعہ بالا ہے

وہ علی قسام رزق خلق ٹہرا دلیا
وہ علی جو خدائے غفار کا مختار ہے

وہ علی مشہور ہے جسکی عبادت خلق میں
وہ علی جو دو جہاں کا مالک سردار ہے

وہ علی جسنے کہ ابن عبدود کو دو کیا
وہ علی جسکا عبادت سے ہی افضل وار ہے

وہ علی جو مصطفیٰ کے کام آیا بار بار
وہ علی جو روح و جان احمد مختار ہے

وہ علی جسکو نصیری اپنا کہتے ہیں خدا
وہ علی جو گلشن فردوس کا مختار ہے

وہ علی ہیں جسکے قبضے میں جہاں اختر تمام
وہ علی جو حکمران ثابت و سیار ہے

وہ علی بھاگے ہیں جسکے خوف سے سرکش جن اکن
وہ علی جسکے مقابل سر جری بیکار ہے

وہ علی جو فرش پر احمد کے سویا بے خطر
وہ علی جو خلق میں حیدر ہے کرار ہے

وہ علی یوفون بالنذر آیا جسکی شان میں
وہ علی جو با وفا ہے صادق الاقرار ہے

وہ علی جسکے فضائل کی نہیں ہے انتہا
وہ علی جسکی فرشتوں سے ثنا دشوار ہے

وہ علی ہے مومنوں پر جسکی رحمت کی نظر
کافروں پر جو کہ قہر حضرت قہار ہے

وہ علی جسکے قدم سے عرش کی زینت ہوئی
کافروں کے خون میں ڈوبی جس تیر کی تلوار ہے

وہ علی حکم خدا سے جسکا دشمن رات دن
دائرہ ہے تین عالم کے مثل نقطہ پرکار ہے

ساقیا مجھکو پلا دے بادہ عشرت فزا
عید کے دن زاہدا ہے عبث حیلہ ترا بیکار ہے

عید کا دن ہے پلا اتنی کہ خود رقت میں ہوں
فرقت بنت العنب مجھکو نہایت دشوار ہے

خوف پرسش کا نہیں کچھ مجھکو مطلق روز حشر
میرا مولا میرا حامی حیدر کرار ہے

ایک پتا ہل نہیں سکتا تری مرضی بغیر
بعد احمد کے دو عالم کا تو ہی مختار ہے

تیرے دشمن کیلئے ہے موجب قہر عذاب
جو سفینے میں ہے تیرے اسکا بیڑا پار ہے

بحر عالم میں بنیں ہیں کی یہ جسکی آبرو
خانہ کعبہ صدقے تیرے تو در شہوار ہے

تیرے ڈر سے مٹ گیا کفار کا جوش و خروش
خوف سے روپوش دلیران لشکر کفار ہے

تیری ہیبت کی دو عالم میں نہ ہو کسطرح دھاک
عرش سے جو حق نے بھیجی وہ تری تلوار ہے

ایک ایام میں عمر ہا ماں کر دیا ہے طے
فخر اورنگ سلیمان آپ کا رہوار ہے

تیری قوت سارے عالم سے فزون ہے یا علی
فتنہ محشر تری تلوار کا ہر وار ہے

تو ہے مجھ نور خالق ابتدا ظاہر میں سب
حسن کا یوسف کے بالکل سرد بازار ہے

سمجھے سالکوں دکھائی تونے مثل مصطفی
تو وصی احمد کا ہے اور خاصہ غفار ہے

تب ہوئی زائل پیمبر کی گیا جو وقت تو
پھر سے مولا ذات تیری دافع ازار ہے

تونے ٹھوکر مار کر مردوں کو زندہ کر دیا
ذکر کرنا عیسی مریم کا بیکار ہے

چاہتا ہے جسکو تو خالق ہے اسکو چاہتا
جس سے تو بیزار ہے اوس سے خدا بیزار ہے

مطلع

ولولے ہیں آکے مطلع اسلئے پڑہتا ہوں میں — آج میلاد جناب حیدر کرار ہے
تیری مدحت لکھہ سکے کوئی بہت دشوار ہے — یا علی مداح تیرا بندۂ غفار ہے

ڈر سے لرزاں ہے زمانہ وہ تری تلوار ہے — یا علی تو شور ہے حیدر ہے کرار ہے
تجھسے گیارہ نور جب اللہ نے پیدا کئے — اس سے روشن ہوگیا تو مطلع انوار ہے
اتقا و زہد کا تجھپر ہوگئیوں خاتمہ — تو امام متقین ہے سید ابرار ہے
تونے فاقوں میں سدا بہوکوں کو پہنچائی غذا — یا علی مشہور تیرا خلق میں ایثار ہے
تونے رنج و غم کے طوفان سے اماں دی نوح کو — میری مشکل سہل کرنا کیا تجھے دشوار ہے
لیجئے امداد جز جس بے گرفتار بلا — مجھسے یا حق منحرف یہ چرخ کج رفتار ہے
دامن محتاج کو بہر دیجئے بہر حسین — تیرا دربار معلی یا علی دربار ہے
بیچے کرتے رہیں مداح ترے یا علی — جبتلک دستے زمین پر تختۂ گلزار ہے
سب ترے پیرو رہیں با آبرو و عزو جاہ — چرخ پر جبتک کہ دور ثابت و سیار ہے
مثل سبزہ باغ عالم میں رہے وہ پائمال — یا علی تیری طرف سے جسکے دل میں خار ہے
باغ جنت کی کبھی خوشبو نہ سونگھے وہ شقی — یا علی تیری ولایت کا جسے انکار ہے

قصیدہ در منقبت امام اول حضرت علی علیہ السلام

میں فضائل لکھہ سکوں تیرے یہ کیا مقدور ہے
سرکشی کوئی کرے کیا تاب کیا مقدور ہے
عرش پر بھی جشن کی صحبت ہے برپا آجکل
آج شور آمد آمد ہے ملک سو خلق میں
تیری پیدائش سے رضوان کو نہایت سرور ہے
ہے گزک کیواسطے لازم بط مئے کا شکار
آج واعظ بھی لئے ہے ہاتھہ میں جام شراب
دوستان پاک باز وصاف باطن شاد ہیں
دوستان شیر حق کے ہم غلط ہیں آجکل
خانہ کعبہ میں تو پیدا ہوا ہے یا علیؑ
فیض برج مرتضی سے آج ہے حاصل یہ اوج
ہے وہی ہشیار و خوش کردار میں تک شک نہیں
اوج یہ حاصل ہے شاہو نے نہیں دیتے کبھی
ہے خردمند جہاں یہ وہ ہے مثل عقل کل
عدل گستر تھا بمعبود میں پیدا ہوا
ہوئے گا وہی تو بخشش ریزش پہ نہیں آتے قصور
یا علی تھا رزق خلق اب حضرت کی ذات
جو رضائے کبریا ہے وہی تیری رضا
نام خالق کے برابر اور محمد کے قریب

یا علی تو آج تیرا خالق جمہور ہے
یا علی ہر ایک جا ہر آپ سے مجبور ہے
فیض میلاد علی سے سب جہان پرنور ہے
تا فلک سطح زمانہ نور سے معمور ہے
چہچہے کرتے ہیں غلمان شاد و ہر ایک حور ہے
دور ہے ساقی بہوش کا بغل میں حور ہے
ہے سرور شادمانی رنج و غم کافور ہے
قلب شیشہ کی طرح ان کا چمکتا نور ہے
دشمنان نزدیک تھے عزت ہی عزت سے دور ہے
اس سبب سے آجتک وہ نور سے معمور ہے
ہم کلیم اللہ ہیں منبر ہمارا طور ہے
یا علی تیری ثنا الفت سے جو معمور ہے
جو گدا ہے آپکے در کا بہ از فغفور ہے
منحرف جو آپ سے ہے عقل سے معذور ہے
آج جو طالب ہے وہ مجبور ہے رنجور ہے
آج ہر شیدا زمانے کا بیان طور ہے
آپکا سارا جہان ممنون ہے مشکور ہے
وہ تری مرضی ہے جو اللہ کو منظور ہے
عرش پر اسم مبارک آپ کا منقور ہے

... علی نور سے یہ ثابت ہوا
یا علی تو نور ہے اولاد تیری نور ہے

خاصگان حضرت باری میں ہیں حضرت علام
جو عدو ہے آپکا مردود ہے مقہور ہے

تجھسے کیا نسبت کسیکو ہے شہ دلدل سوار
نار آخر نار ہے اور نور آخر نور ہے

کاظمین الغیظ حق نے شان میں تیری کہا
مجرمونکو بخش دینا آپ کا دستور ہے

آپکا دست سخاوت درفشاں ہے رات دن
وہی حاجتمند ہے یاں جو کہ ذی مقدور ہے

ہیں سلاطین جہاں مشہور لیکن حق یہ ہے
اک گدا اس در کا کیخسرو ہے اک فغفور ہے

سر بلند و تیز گام و خوش لجام و خوبرو
اشہب شیر خدائے پاک رشک حور ہے

ذوالفقار شاہ والا کی ہو مدحت کیا بیاں
بے بدل ہے چرخ سے اتری ہوئی یہ حور ہے

اصل کیا انساں کی جنات بسپا ہو گئے
معرکہ بیر العلم کا آجتک مشہور ہے

جان سے مارے ہیں تو نے سرکشونکو ٹوک کر
یا علی تیری شجاعت خلق میں مشہور ہے

تونے ابن عبدود کو جب ڈھایا زیں سے
شور تھا ٹو تیغ شہسوار ہے عصفور ہے

ایڑیاں شوق زیارت میں رگڑتا ہے علام
گر طلب فرمائیں حضرت تو تحفہ لیا ہو ہے

حق سے ڈرتا ہوں نہیں تو میں بھی کہتا صاف صاف
جو نصیری آپکو کہتے ہیں وہ مشہور ہے

خاک میں دم آ گیا انکو خبر لیجیے شتاب
آپکا جرجیس ان روزوں بہت رنجور ہے

قصیدہ در جشن تہنیت ولادت جناب امام اول علیہ السلام

ہو مبارک آج شاہ لافتا پیدا ہوئے
شاد ہیں احمد علی مرتضے پیدا ہوئے

جشن ہے چاروں طرف ہاتف کی آتی ہے ندا
آج داماد رسول دوسرا پیدا ہوئے

مومنو مسرور ہو ہوکر گلے باہم ملو
مشکلیں حل ہو گئیں مشکلکشا پیدا ہوئے

خاک بر سر کہدیا تکبیر کہکر دفعتاً
خانہ کعبہ میں جب شیر خدا پیدا ہوئے

ساقی تسنیم و کوثر فاتح بدر و حنین
سرور دین مالک ارض و سما پیدا ہوئے

عروۃ الوثقےٰ کشتی کون و مکان حبل المتین
نفس ختم المرسلین دست خدا پیدا ہوئے

ایک ہیں باطن میں احمد اور علی مرتضیٰ
مصلحت سے حق کی قالب میں جدا پیدا ہوئے

نذر ہوگی اب وفا پائینگے محتاج اب طعام
تاجدار انما و ہل اتیٰ پیدا ہوئے

مظہر غائب امام الغیب یعسوب الدین
شاہ مرداں سرور معجز نما پیدا ہوئے

شوہر زہرا ہے خوش لہجہ امیر المومنین
بوالحسن نور خدا شاہ ہدیٰ پیدا ہوئے

روشنی زائل ہوگی ظلمت ہے جو جیب اب
خلق میں بدر الدجا شمس الضحیٰ پیدا ہوئے

قصیدہ در تہنیت جشن ولادت جناب امیر علیہ السلام

آج کیوں باغ میں ہیں مست مسرت اشجار
کیا سبب ہے کہ دلہن بنگیا سارا گلزار

کسکی آمد کی خوشی ہے کہ جہان ہے مسرور
کون آتا ہے کہ شاداں ہے ہر اک گل رخسار

بلبلیں آج غزلخوانیاں کیوں کرتی ہیں
بند ہوتی نہیں کیوں آج کسی کی منقار

وجد کیوں سرو کو ہے حیراں کیوں ہیں ریحان
ہاں مبارک ہو مبارک ہو یہ کیسی ہے پکار

ڈالیاں جھوم کے لیتی ہیں زمیں کے بوسے
نخل آپس میں کیوں ملتے ہیں جھک جھک کے ہر بار

فرش کیوں باغ میں سبزے نے بچھایا ہے آج
فرط شادی سے کھلے جاتے ہیں کیوں سارے انار

وجہ کیا ہے کہ جو سبز ہوئے ہیں کانٹے
کیا سبب ہے کہ جو بیتاب ہیں نرگس زار

چال اٹھکھیلیوں کی چلتی ہے کیوں باد صبا
غنچے او [illegible] دیکھتے ہیں صد بار

ماجرا کیا ہے جو افلاک سے ہے بارش نور
کیا سبب ہے کہ سحاب آج ہے یوں گوہر بار

یا نبی آج ہے کس واسطے پر نور و حید — سر فرو کس لئے ہیں آج جہان کے کہسار

نقش کیسے ہیں الٰہی خانہ کعبہ میں گرے کیوں بت — زمزمۂ حمد کی اصنام میں کیسی ہے پکار

قلب ہے تیرہ ہوا ابلیس کا بیڑا ایسے — خوف سے کس کے یہ بیتاب ہیں سارے کفار

کیوں ہیں خم طاقوں میں سب بت خدا کے گھر میں — برہمن توڑتے ہیں کس لئے اپنی زنار

آج خوش کیوں ہیں کیوں بت زمانے کے سب — آج کیوں جوش میں آئے ہیں جہان کے مختار

کیوں تکلف کے لباس آج ہیں سب نے پہنے — آج ہوتی ہے خوشی سب کے رخوں سے اظہار

جشن کیسا ہے یہ کیوں جمع ہیں سارے مومن — کس کی الفت میں یہ کس شخص کی ہیں سب سرشار

تھا اسی فکر میں تا حبس کہ آئی یہ صدا — باخبر باش ز گوش خرد شو بیدار

اس لئے خرم و خندان ہے زمانہ سارا — آج پیدا ہوا داماد رسول مختار

جس کے قدموں سے ہوئی رونق افلاک و زمین — جس کے باعث سے ہوا دین محمد کا قرار

جس نے گہوارے میں اژدر کو کیا دو ٹکڑے — جس خدا دان کی عبادت کا نہیں حد و شمار

جس کے یہ دل کو مسرت ہوئی ایسی حاصل — یہ قصیدہ کہے بن ہرگز نہ ہوا مجھکو قرار

فی البدیہہ یہ وہ لکھا مدح علی میں مطلع — دوست ہوں شاد چھری قلب پہ دشمن کے ہو پار

مطلع

یا علی قاطع زنار ہے تیری تلوار — تیری ضربت سے ہوئی کلمۂ طیب کی پکار

یا علی تو ہے محمد کا وصی برحق — مسند احمد مختار کا تو ہے مختار

یا علی اوج ترا کوئی بھلا کیا جانے — یا علی تو ہوا کاندھے پہ محمد کے سوار

آپ نے توڑے وہ بت خانہ کعبہ میں جو تھے — آپ کے خوف سے کانپا کئے سارے کفار

تو نے خورشید کی رجعت سے مولا کی ہے — ہاں حقیقت میں شب و روز کا تو ہے مختار

تجھکو اللہ نے سردار شجاعوں کا کیا — عرش پر جھولتی ہے آپ کی ہر دم تلوار

تیری وحشت سے ہوئی کفر کی بستی برباد — تیری فرحت سے ہوئے سارے بنا انس فی النار
معرکون میں تو ہی احمد کے سپر بنتا تھا — خنگ بہر ہو گئی جب آپ نے کھینچی تلوار
تو وہ حاکم ہے کہ محکوم ملائک ہیں ترے — حکم سے تیرے نبی کوئی نہیں ہے زنہار
تجھکو اللہ نے دی دونوں جہاں کی شاہی — تیرے احکام ہیں احکام رسول مختار
سجدہ اوقت کو ہیں لاثانی سے — تیرا ثانی کوئی دنیا میں نہیں ہے زنہار
گئے معراج کو جب عرش پہ محبوب خدا — آپکے نور سے تھی پردہ قدرت پہ بہار
پوچھا سر ایک ملک نے کہ علی اچھے ہیں — تب یہ فرمانے لگے ہنس کے رسول مختار
تم بھی پہچانتے ہو حیدر ذی شوکت کو — عرض کی سب نے کہ نعلین پہ ہم اونکی نثار
جان و دل سے اسد اللہ کے ہم عاشق ہیں — ہے وصی آپکا وہ شیر خدائے غفار
اونکے جو دوست ہیں اون سبکے لئے جنت ہے — دشمنوں کیلئے ہیں آتش دوزخ کے شرار

مطلع

یا علی ہیں تیری نعلین مبارک پہ نثار — ہوا احسان تو چالیس گہر ہیں اکبار
رنج و آلام میں ہر شخص کے کام آئے آپ — کون ہے جس پہ نہیں آپکے احسان کا بار
آپ نے شیر سے سلمان کو بچایا مولا — آپ پر موسیٰ عمران کا رہا دار و مدار
آپکی ذات سے یونس نے رہائی پائی — آپ نے نوح کا بیڑا کیا طوفان سے پار
آپ جرجیس کے کام آئے ہیں مشکل میں — آپکے دم سے ہوا عیسیٰ مریم کا وقار
آپ تھے حضرت یوسف کے معین و ناصر — چاہ میں اونکو کسیطرح نہ پہنچا آزار
صالح و ہود و سلیمان و شعیب و یحییٰ — ذکریا و ذبیح و خضر نیک شعار
و دانیال و یوشع و لوط و خلیل و ادریس — آپ نے سبکو کیا بحر غم و رنج سے پار
یوہیں مداح کی امداد بھی جلدی کیجے — بر بہر جور و جفا سے فلک ناہنجار

جان شیرین پہ مری ہوئی ہے تلف خونریزی — تلخ کامی سے ہے سولا مجھے جینا دشوار
تیرے دروازے سے خالی نہیں پھرا کوئی — تیرا دربار ہمیشہ سے ہے کھولا دربار
دل میں مقصد جو ہیں سب کو بہی بھر دیجے — آپ سا اور سخی کوئی نہیں ہے زنہار
جو مطالب ہیں مرے آپ پہ سب روشن ہیں — نظر لطف و کرم کیجے بھر غفار
جبتلک چرخ پہ ہے شمس و قمر کی گردش — جبتلک باقی ہیں افلاک پہ ثابت و سیار
جبتلک شیفتہ عارض گل ہے بلبل — جبتلک باغ ہے اور باغ میں ہی باد بہار
سارے دشمن ترے سبزے کی طرح ہوں پامال — دوستوں پہ ہو ترے فضل خدائے غفار
خیمہ خیمہ آل عبا اور کوئی رنج نہ ہو — دمبدم اور ہمیشہ ہے تیرے علامو کا وقار

قصیدہ در غزوات جناب شیر خدا در غزوہ خیبر

دور خزان گذر گیا فصل بہار ہے — ساقی پلا شراب کہ دل بیقرار ہے
خیبر میں محو جنگ شہ ذوالفقار ہے — آفت کی کھلبلی ہے غضب کا رزار ہے
سینہ سپر دہر ہے کرم ذوالجلال کا — مرحب کی سمت اور سر سینہ نگار ہے
باتیں ادہر ہیں تیغ و تصادم کی دمبدم — محو گیا فدا لاعدا ادہر سرزہ کار ہے
نعرے یہ ہیں ادہر سے کہ لاحول جلد پڑھ — گمراہ تیرے فرق پہ شیطان سوار ہے
دو دن کی زندگی پہ یہ غرہ یہ عجب و کبر — ہر ایک کو فنا ہے یہ انجام کار ہے
دولت کسی کا ساتھ نہ دیگی نہ کر غرور — اس چلتی پھرتی چھاؤں کا کیا اعتبار ہے
عاقل وہ ہے کہ حق و باطل پہ ہو نظر — اسباب ادسیہ لائے کہ خر کیدگا رہے
کسکو خبر ہے آتی ہے کسوقت پیر موت — کیا اعتبار زیست کہ ناپائدار ہے
تیر کابت خدا ہو یہ ہے عقل کے خلاف — مخفی یہ کوئی امر نہیں آشکار ہے

اللہ کے صفات ہین بس نگوش ہوش
اوسکو فنا نہین ہے سدا برقرار ہے

بے چشم و گوش ہے یہ سمیع و بصیر ہے
روز ازل سے تا ابد لیل و نہار ہے

ہر جا ظہور نور ہے اسکا نہین قیام
تسلیم وہ کرے اسے جو ہوشیار ہے

نہ اوسکے ہاتھ ہین نہ قدم ہین نہ فرق ہے
لیکن اوسی پہ خلق کا دارومدار ہے

کرتا نہین حلول کسی شے مین وہ کبھی
تصدیق جو نہ اوسکی کرے نابکار ہے

خلاق لم یزل ہے قدیم اوسکی ذات ہے
اوسکے سبب بنائے جہان استوار ہے

مختار ہے جہان کے سفید و سیاہ کا
چاہے تو دن کو رات کرے اختیار ہے

زندہ کو مردہ مردے کو زندہ کرے ابھی
اس امر کا اوسی پہ فقط انحصار ہے

پیل دمان کو مور کرے فیل مور کو
نہ حصر لطف ہے نہ غضب کا شمار ہے

مانگے اگر فقیر تو دے تاج خسروی
وہ سامع الدعا ہے وہ حاجت برار ہے

تیرے تو من ہے صفت ایسی کوئی بتا
یا کافرونکے قول ہی کا اعتبار ہے

آدین حق پہ بیٹھ کے راہ شرک چھوڑ
ورنہ مری تجیس ترا اور ذوالفقار ہے

ہو نا شقی اگر دین محمدی قبول
یہ آپکا کلام مجھے ناگوار ہے

تا پیچ ہون جیسا اوسکو چھوڑونگا زینہار
مین ہون شجاع میرے لئے ننگ و عار ہے

آئے جو تیغ ترک فلک کاٹنے لگے
میری دعا کی دیر مین سرو کار ہے

رستم نہین فقط مرے ڈر سے لرز رہا
بہرام کو بھی خوف میان مزار ہے

افراسیاب تجھکو پن سے ڈرتا نہین کبھی
آفت ہے میری جنگ غضب کا نزار ہے

پیل دمان کو بیچ مین ڈالون تو نکلے دم
قوت مری کلامونسے آشکار ہے

نقش قدم کو میرے پیشن مٹا تو دے
ارجن کے دل مین میری طرف سے غبار ہے

چاہون تو آسمان کو الٹ دون زمین پہ
کب ہوسکا نہین کاسے جرح بار ہے

ماردون قدم تو شق ہو کلیجہ زمین کا
ہو تو تمہین یقین کہ وقت قتار ہے

فرمایا شہ نے اسمیں تعلی نہ کر شقی
اک دم میں تیرا سر ہو کے تن سے جدا کیا
بولا شقی کہ آپ ہی کیجئے پہلے وار
فرمایا پہلے ہم نہیں کرتے کسی پہ وار
کیوں دیر کر رہا ہے بڑھ آگے زبوں سیر
یہ سنکے تیغ کھینچلی اوس روسیاہ نے
یہ ضیغم خدا ہے وہ روباہ و نحس و شوم
یہ خانہ کریم ہے وہ ننگ روزگار
یہ رہنما ہے خضر وہ ابلیس کا مرید
یہ عرش بارگاہ ہے وہ اسفل و سفیہ
حربے لگا رہا ہے پیاسے حضور پر
ہاتھوں سے حرکتوں کی تزلزل ہے آشکار
زلزلے پڑ گئے ہیں ستمگر کی تیغ میں
آنکھیں ہیں بند کانپ رہا ہے تن لعیں
بیکار حربے ہو چکے سست ہو گیا
کاٹی ہے ذوالفقار کو کھینچا امام نے
لیا ہاتھ اوٹھا کے کہتے ہیں اب ضرب شاہ دیں
یہ فکر ہے کہ موت سے کیونکر اماں ملے
سر کو چھپا لیا ہے سپر میں شمر نے
بھیجا ملائکہ کو یہ فرمان کبریا
جا کر علی کے ہاتھ کو تھامو بصد شتاب

[illegible]
[illegible]
[illegible]
دنیا ظلوم چھپا ہے سب آشکار ہے
الکتاب سے علی کا دست کو تیرا انتظار ہے
نقل پڑ گیا اسکے مقابل شکار ہے
یہ جانستان دل ہے وہ جانثار ہے
یہ نور ذوالجلال تجسم وہ نار ہے
یہ رونق چمن ہے وہ جنگل کا خار ہے
یہ نیک ذات ہے وہ شقی بدشعار ہے
لرزاں کفن میں سام میاں نزار ہے
مردے اوچھل رہے ہیں زمیں بیقرار ہے
گردش میں سر کو شاہ کی جو بار بار ہے
رعب امام دیں سے کلیجہ فگار ہے
اف اف ہے لب پہ غرق عرق جسم زار ہے
اب کوئی دم میں جسم ستمگر فگار ہے
دہشت سے اضطراب میں وہ نابکار ہے
ہوش و ہم ہے رخ سے عیاں انتشار ہے
نہ امن کی جگہ ہے نہ تاب فرار ہے
چکر میں خوف سے فلک بے مدار ہے
حملہ امیر کا غضب کردگار ہے

اوچھا ہاتھہ کافی ہے دنیا کے واسطے
یہ میری ضرب ہے یہ مری گیرودار ہے

آئے فرشتے عالم بالا سے ایک ایک
دیکھا کہ غیظ مین شہ دلدل سوار ہے

میکال آکے لپٹے مثل دست و باد ہے
شمشیر جانستان پہ نظر بار بار ہے

جبریل نے زمین پہ پھیلا دئے ہین پر
یہ خوف ہے کہ ضربت حق شہ کا وار ہے

لب پر دعا ہے تڑپتے وار زور ہے
یارب بچا ہو کہ زمین بیقرار ہے

مرحب سے شاہ کہتے ہین او سرکش و لعین
آنکھین کو کھول دیکھ سفر سوئے نار ہے

اب بھی راہ راست پہ آ حق کی شان مین
واحد ہے لاشریک ہے پروردگار ہے

انکار پھر کیا ستم آرا نے شہ بڑھے
فرمایا اب تو قابل دار البوار ہے

جلوہ دیا جو تیغ دو پیکر کو ایک ایک
دیکھا یہ سب نے فرق ستمگر فگار ہے

سینہ کٹا شکم مین در آئی وہ برق دم
دو ہو گیا لئیم دم احتضار ہے

تو ڈٹ سے لاش نحس گری ہل گئی زمین
تلوار دست شاہ کی بھی بیقرار ہے

طبقے زمین کے کاٹ دئے جن گئے ملاک
جبریل نامور کو بھی اب اضطرار ہے

تھمے سمٹتے تھے کہ بس فتح ہو گئی
بولے ملک یہ حیدر صفدر کا وار ہے

آئی صدا زمین سے کہ اب ہاتھ روکئے
یا بوتراب طائر سدرہ شکار ہے

تکبیر کہکے سرور کونین مسکرائے
کی عرض سب نے ترا کرم اے کردگار ہے

ساتون فلک کے سب مین دریچے کھلے ہوے
لاسیف لافتا کی ہر اک سو پکار ہے

احمد نے بڑھ کے سینے سے اپنے لگا لیا
فرمایا تجھہ پہ خالق اکبر کا پیار ہے

جنات ہون ہم کہ زمانہ ہوا کطرف
کیا اوسکو خوف جو اسد کردگار ہے

پڑہکر درود روکے جرحیس اب قلم
یہہ معرکہ یہ جنگ جدل یادگار ہے

قصیدہ در تہنیت جشن ولادت امام اول علیہ السلام

مبارکباد اے دل ساقیٔ کوثر ہوا پیدا
خدا کا شکر و احسان حیدر صفدر ہوا پیدا

شجاعان جہان کے قلب میں اک ڈر ہوا پیدا
رجب کی تیرہویں کو شیر داور ہوا پیدا

تعجب قدرت حق کی واہ عقل رسا کی عاجز
ہوا پتھر سے لعل اور لعل سے پتھر ہوا پیدا

صفائی قلب میں لیتے ہیں جو اون پر نہیں مخفی
علی کی آئینہ داری کو اسکندر ہوا پیدا

ثنائی حیدر صفدر کی جب فرط محبت سے
سر اک مداح کا احمد کے دل میں گھر ہوا پیدا

خوشی ہر قلب مومن میں ہوا ہے آج اس باعث
جو بخشائیگا روز حشر وہ سرور ہوا پیدا

علی کے دوستوں کو نعمتوں کی ہے فراوانی
بافضال خدا افتخار خشک و تر ہوا پیدا

غلامان علی سیر ہونگے اوسکی رحمت سے
انہیں کی چاہ میں ڈوبا ہوا کوثر ہوا پیدا

یقیں ہے یا عمر انکے ہیں ہیں سب ہی واقف
علی کے فیض سے ہر سینے میں گوہر ہوا پیدا

محبت بخشوانیکے لیے محشر میں کافی ہے
ہے غل کون و مکاں میں حیدر صفدر ہوا پیدا

نظر کی مرتبوں پر مرتضے کے جب کیا ہم نے
خیال مدح خوانی قلب میں یکسر ہوا پیدا

محبت اور عداوت پر علی کی امتحان ٹھہرا
ہوا کعبہ سے غائب سامنے جب حیدر ہوا پیدا

جو دیکھے غیر سے بہی کوئی بینا تو نہ کم ہوئے
علی کی شان میں جلوۂ خلق کا دفتر ہوا پیدا

فضائل کو علی مرتضے کے کوئی کیا جانے
نبی جس علم کے ہیں شہر اوسکا در ہوا پیدا

ابو السبطین شوہر فاطمہ زہرائے اطہر کا
خدا کا شکر ہے داماد پیغمبر ہوا پیدا

گلے ملتے ہیں باہم مومنین اسوجہ سے اس شب
خوشی یہ ہے نبی کا ہمدم و یاور ہوا پیدا

قطعہ

محمد سید و سردار ہیں ساری خدائی کے
نہ کوئی اس صفت کا اور پیغمبر ہوا پیدا

شب معراج محبوب خدا جب عرش پر پہنچے
جلال کبریا سے قلب مین اک ڈر ہوا پیدا

عیان دست علی جب ہوگیا اللہ کی قدرت
حجاب نور سے جب پنجۂ حیدر کا ساغر ہوا پیدا

نکیونکر شاد ہم سب ہون جب تیرہ ہوئین رجب
جناب سیدہ کا خلق مین شوہر ہوا پیدا

عطا حق نے کیا ہے جانشین و قوت بازو
مبارک یا محمد شور یہ گھر گھر ہوا پیدا

گران پلہ ہے اپنا جرم تلتے مین تو تلنے دو
گنہگارون کو کیا ڈر شافع محشر ہوا پیدا

ملک افلاک پر ملتے ہین باہم آج یہ کہکر
جہان مین خانہ زاد حضرت داور ہوا پیدا

کسیکو کچھ نہین نسبت کرے جو ہمسری کوئی
جو افضل تر زمانہ سے ہے وہ سرور ہوا پیدا

ولادت اور شہادت خانہ معبود مین پائی
علی سا اور کوئی خاصہ داور ہوا پیدا

مہم خیبر و خندق ہوئی سر جب سے عالم مین
نہ کوئی پہلوان ایسا نہ جنگ آور ہوا پیدا

نجف پہنچین کہ سوئے کربلا ہمکو یہی دھن ہے
بڑہا سودا ہزارون قسم کا جب سر ہوا پیدا

علی کیا حضرت موسیٰ ہی کے اک پیشوا ہین بس
ہے وہ ہی مقتدی انکا جو بے یاور ہوا پیدا

خدا کے بندے کیسے کیسے خوش گل خلق ہوتے ہین
رہی پیرو علی کی ارض ہفت جوہر ہوا پیدا

ہزارون بار چڑہا ہے رخ سے اکدم مین اوتری ہے
علی کی تیغ مین یہ کاٹ یہ جوہر ہوا پیدا

مجھی پر کیا ہے غرض ہر زمانے مین ہی یہ واصف
علی کی مدح سے ہر عرض مین جوہر ہوا پیدا

شجاعت حیدر صفدر کی ظاہر ہے زمانے پر
رہا انکا مطیع حکم جو قیصر ہوا پیدا

کچھ اوسکی مصلحت کو ہم سمجھ سکتے نہین اصلا
خدا کی شان ہے کیون چھپا ہے جوہر ہوا پیدا

جھکا یار یہ شرب کو ترے قربان لے ساقی
یہ اوسکی بے نیازی شیشہ و ساغر ہوا پیدا

زمانہ رزق پاتا ہے تری صدقہ سے بے مانگے
برائے خاطر حضرت ہی خشک و تر ہوا پیدا

یہی تو جانشین مصطفےٰ ہے لایق و فایق
ہدایت جس سی ہے وہ رونق منبر ہوا پیدا

علی مرتضےٰ کا معجزہ ادنیٰ سا یہ ہے یہی
جہان چاہا زمین سے آپ ہی ٹھوکر ہوا پیدا

تہ کیون شہزور سرکش سر جھکائین انکی چوکھٹ پر
ہوئی تشنے سرن جس دن یہ شیر نر ہوا پیدا

ہر اک عضو بدن خالق نے گویا تیغ مین ڈھالا ہے
زنخدان شہ دین بہتر و خوشتر ہوا پیدا

اشارہ تو جلی کشتی کا حضرت ہی کی جانب تہا
جہاز امت مرحومہ کا لنگر ہوا پیدا

رسول اللہ کو آزار دیکھا ہے اب کوئی
ولادت سے علی کی سب کے دلمین ڈر ہوا پیدا

ہر اک غزوہ ہوا سر حیدر کرار کے دم سے
مراد لیتا وٹھا کر جو کوئی کافر ہوا پیدا

علی کا واسطہ دیکر کیا جب عرض خالق سے
ثمر نخل دعا کا بہتر و خوشتر ہوا پیدا

مقولہ یہ کسی استاد کا مجلس مین سچ سچ ہے
مخالف جو علی کا ہے وہ بے جوہر ہوا پیدا

قصیدہ در مدح امام اول حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام

دیا رتبہ خدا نے گر محمدؐ کو نبوت کا
علی کو بھی شرف بخشا دو عالم کی امامت کا

ثمر فردوس ہے شاہ ولایت کی ولایت کا
جہنم کا ہر اک طبقہ ہے پہل اوسکی بغاوت کا

جہان سے نام مٹجائے نہ کیون الحاد و بدعت کا
ہر اک سو شور ہے شاہ ولایت کی ولادت کا

در خیبر اکہاڑا اور جھنڈا دین کا گاڑا
زمانہ سب معترف ہے مری مولا کی قوت کا

علی کی دید بہی دیدار خلاق دو عالم ہے
ہوا انکی سبب جلوہ حقیقت مین حقیقت کا

نہ ہوتی تیغ گر انکی نہ رائج دین حق ہوتا
پڑا ہے قلب پر اعدا کے سکہ انکی ضربت کا

دوگانہ اپنے معبود یگانہ کا بجا لائے
ہوا خورشید کو جب انکی جانب حکم رجعت کا

ہمسر کا وزیر خاص خالق نے کیا ان کو
ملائک تک سارے عالم کی عبادت کو اگر لیوین
یہی زہد و ورع کے خلق مین باقی بتا ئینگے
مری یہ التجا ہے اے خدیو کشور ایمان
اولٹ کر نامۂ اعمال جنت کی سند دینا
جسے چاہو جلاؤ جسکو چاہو خلد مین بہیجو
خدا کو آپ نے اور احمد مرسل نے پہچانا
کسی نے آپکو بہی دونون عالم مین نہ پہچانا
ہر اک سرکش کو مارا ہے ہر اک کا سر اوتارا ہے
کسی سائل نے ردی آپ سے مانگی جو رستے مین
تمہین پیدا کیا اسواسطے خلاق عالم نے
اوسے جاری و شیرین بہی کیا دی آبرو حق نے
نہ اون پہولونمین خوشبو ہے نہ مطبوع خلائق ہین
نبی ہوتا اگر دنیا مین کوئی بعد احمد کے
ہوا تب دین حق کامل وصی جب دم کیا انکو
رسول اللہ کے کاندہے پہ رکہے پاؤن کعبے مین
گدا نے آپ سے مانگا جو نماز مین رکوع آکر
جسے حیدر سے رشک ہے اوسے احمد سے رشتا ہے
پیرونکو کرکے اونچا سمجہ جاتے ہین یہ دشمنت ہے
نصیری کا کیا مین ذکر بہی کہون تو یہ معاذ اللہ
در حیدر سے زوارونکو یہ آواز آتی ہے

فرمایا رسول اللہ نے ان سے حکومت کا
گران پلہ رہے گا یا علی خندق کی ضربت کا
انہین سے سلسلہ پہیلا ہے خالق کی عبادت کا
گنہگار و معاصی ہے بہت مداح حضرت کا
خدا مالک کرے جب آپکو روز قیامت کا
خدا نے آپکو قاسم کیا ہے نار و جنت کا
خدا اور آپ سمجہے مرتبہ ختم رسالت کا
خدا و مصطفے عارف ہین جو رتبہ ہے حضرت کا
جہان مین کیون نہ شہرہ ہو تمہاری زور و ضربت کا
قطار اونٹونکی دیدی کیون نہ شہرہ ہو سخاوت کا
نہ دنیا مین کوئی ہمسر تہا نہ ہوگا تا قیامت کا
بہرا جس آب سے دم ساقی کوثر کی چاہت کا
جنہین کچھ بہی ہوا انکار حضرت کی ولایت کا
تو انکو پا تہیرا آتا مرتبہ حق کی نبوت کا
مدار و انحصار اسپر تہا احمد کی نبوت کا
کسی کے ہاتہہ کب آیا جو کچھ رتبہ ہے حضرت کا
عنایت کر دی خاتم بہی ہے شہرہ اس سخاوت کا
تماشا جو ہے احمد کا وہی عارف ہے وحدت کا
خیال آتا ہے جب جبریل کو خیبر کی ضربت کا
وہ کثرت مین بڑی قائل ہو جو حق کی وحدت کا
بڑہیر او چلے آؤ یہی رستہ ہے جنت کا

قطعہ

کہیں سطر ہی ہیں یہ تو اول عالم ظہور کا | [illegible]
کہیں ابر مصحف ہے واصل حق ہیں کالاون ہی عیاں | ادبی گہر کیا ہے نہ اختر نے فصاحت کا
بہار کی ظفر ہیں جو جو کہے گا لطف پائے گا | تسلسل کا رہا ہے یہ تشانت کا سلاست کا

قطعہ

میں سچے دل سے کہتا ہوں عقیدہ صاف کہتا ہوں | نہیں مطلب اس مدح سے تحصیل جنت کا
وہ سچے ملتے ہیں یا رہیں حاکم سے راضی ہوں | وہ ثمرہ ہی عنایت کا طریقہ ہے عدالت کا
کوئی خوش ہو کہ ناخوش ہو کوئی راضی ہو یا بد ہو | ثنا ہے اسلئے مولا کا تو شایان ہے مدحت کا

ستارہ آسکے جس کی قسمت کا ہو تابان
رہے گردش میں کیونکر مبتلا مداح حضرت کا

قصیدہ تہنیت جشن ولادت جناب امام اول علی مرتضی علیہ السلام

فصل بہار آئی ہوا لطف داوری | ہر اک شجر میں کونپلیں پھوٹیں ہری ہری
سرسبز لہلہاتا ہے سبزہ چمن چمن | دن رات جسکی دید سے آنکھیں ہیں تری
ہے بار بار عطر فشاں شاخ نسترن | سنبل نے بھی سنواری ہے زلف معنبری
ثنا خواں ہیں چہچہاتے ہیں مرغان خوشنوا | طاؤس ناچتے ہیں کہ ہے رقص میں پری
تانیں لگا رہے ہیں کبوتر ادھر ادھر | صحن چمن میں گونج رہی ہے کبوتری
دراج و کبک و تیہو و طاؤس و فاختہ | خوشحال ہیں بحال ہیں نہ رنج و غم ذری

شانِ خدائے عزوجل کا ظہور ہے — گلنار کوئی پھول ہے اور کوئی اخضری
فرطِ سرور عیش سے ہر سرو ہے نہال — سب قمریوں کے جسم میں پوشاک ہے زہری
گلزار میں ہر اک گل رعنا ہے سرخرو — گلچیں بھی جان بیچکے ہو جسکا مشتری
خاروں کے دل میں اب نہیں نام کو خلش — فربہ ہوئے ہیں دور ہوئی تن سے لاغری
غنچے ہیں نثار میں گلشن میں زر بکف — چاروں طرف کھلے ہوئے ہیں کیسہ زری
تزئین بہشت کی بھی زیادہ ہوئی ہے آج — لہرا رہے ہیں نشہ کے عالم میں کوثری
آراستہ ہے از سر نو گلشن جنان — رنگین گلوں کے عکس سے ہر شئے ہے احمری
پیدا ہوا ہے آج وہ ذیجاہ و نیک نام — جسکے سبب سے چمکا ہے دین پیمبری
جو ہے نبی کا قوت بازو خدا کا ہاتھ — ضربت سے جسکی مٹ گئے سر سنگ خیبری
خاتون روزگار کا شوہر ہے جو امام — جسکو عطا ہوئی ہے دو عالم کی سروری
جو شاہ ہے ابوالحسنین ع ابو تراب — آفاق میں کسی کو نہیں جس کی ہمسری
روزی رسان خلق ہے جو آسمان جناب — پیدا ہے جسمیں سب صفت شان داوری
شرمندہ مہر و ماہ ہے پیش رخ حضور — ظاہر جبین پاک سے ہے نیک اختری
کیا وصف ہو سکے وہ سراپا ہے نور کا — بھولا ہے جسکو دیکھکے مانی مصوری
اللہ کے حبیب کے ہیں آپ ہی حبیب — ملتی کسے نبی سے ہے کسکو برادری
لا انتہا جناب رسول خدا ہیں شاد — خوش ہو کے شکر کرتے ہیں بوطالب جری
فرماتے ہیں کہ شکر خداوند دو جہان — بخشا ہے وہ خلف کہ ہوئی نام آوری
ہے تہنیت کا شور زمین آسمان پر — یہ رات وہ ہے جسکو کہ ہے دن پہ برتری
آتے ہیں جوق جوق ملائک پئے سلام — خورشید دیں ہے ہے طلب ذرہ پروری
یہ ہے شب ولادت سلطان انس و جان — برپا ہے آج چار طرف جشن حیدری
آپس میں ہو رہے ہیں بغلگیر مومنین — شادان بکمال آج ہیں عیدی و تشتری

ظاہر ہر ایک کے چہرے سے ہے خشیت و طرب
پڑھتے ہیں تہنیت کے قصیدے فصیح ان
سنتے ہیں شاہ نا صح پائے حضور ہیں
جس دم تھی یہ منقبت شہ میں پڑھ وہ شعر
تیغ زبان سے آج وہ لے معرکے میں کام
ہاں ساقیا شراب ولائے علی پلا
کر یاد سے پھر فرح سے شکر بار سے
فیض ثنائے شہ سے فقیری میں ہی یہ اوج
عشق نبی و آل نبی فرض عین ہے
ہوں مدتوں سے آصف سلطان ولیعہد
ہم میں گدائے شاہ نجف اس میں شک نہیں
ہم جانتے ہیں صاحب اکسیر کو ہمیں
اپنے سخن میں بخشی ہے خالق نے آب و تاب
پیدا ہے نہ کوئی اسطرح دریا کی موج میں
تعریف اپنے منہ سے مناسب نہیں مگر
کیا دیگا داد اس سخن لاجواب کی
تیغ زبان سے کام عدو کا ہوا تمام
جاہل ہے جو مد مقابل تو کیا ہوا
دل پھر گئے ہیں جو لشکر داور نبی کے ساتھ
سب جانتے ہیں کفر کے عالم میں کی قضا
انشد سے غرض نہ رسول خدا سے کام

فرحت سے شاد شاد ہے ہر ایک حیدری
حضار کو دکھا رہے ہیں لطف شاعری
ڈوبا ہوا ہے چاہ میں ہر ایک کوثری
سنتے ہیں سکتے وجد میں آجائیں حیدری
کھٹکا ہے دل میں جو ہے عدو شہ جری
ہے مثل آفتاب جھلکتی ہے شاعری
شیدا ادھر نظر لطف کر ذری
پائے سے اپنے پست ہی اورنگ نادری
شکر خدا کہ روز ازل سے ہوں حیدری
ہاں واقعی یہ بخت رسا کی ہے رہبری
بھرا نہیں نظر میں کبھی اوج قیصری
شہ کے قدم کی گرد ہے گوگرد احمری
ہے جنس بے بہا جو کریں قدر مشتری
برسوں کرے اگر کوئی مشق شاعری
یہ نظم موتیوں میں تلے گر ہو جوہری
حاصل کبھی نہیں ہے مذاق سخنوری
اور پھر رہی غلاف میں شمشیر حیدری
منہ کی ہمیشہ کھاتے رہے کر کے خودسری
سب بھاگ گئے پشت پھیر کے یہ تھی سپہگری
مکار بن گئے تھے مسلمان ظاہری
جویائے سیم و زر رہے یہ بات ہے کھری

جس جس کا کام کیا تمہیں اہل نفاق سے
پٹ پٹ گئے در و در پاٹ ہے پھر ہے حیدری

فیض تمہارے سے بگڑا ہوا کام بن گیا
اوس آفتاب میں آ گئی ہے نور پروری

آفاق میں نہیں ہے کوئی ایسا ذی شرف
اس طرح ہے حضور کو سب پر سے برتری

پہنچا نہ کوئی ذات مبارک کی گرد تک
کیا منہ کسی کا ہے جو کرے کوئی ہمسری

مشکل میں انبیائے سلف کے بھی آئے کام
منکر نہیں ہے اسکا کوئی صفدر و جری

جو ہے رسول ہیں وہ ہیں حضرت ہیں معجزے
خجلت سے گر دئیے ہیں یاں سحر سامری

بتخانے منہدم ہیں تو کاہن ہیں ہیجان
بھولے ہوئے ہیں ساحر عالم فسون گری

پیش نظر ہے حال جہان مثل آئینہ
قلب جناب گرد کدورت سے ہے بری

ایسا جہان میں کون ہے ذی رتبہ و شرف
موقع انہیں جو ختم ہے ہوئی پیمبری

ہم سنگ وہ عطا کیا خالق نے رہنما
کی ہے ہمیشہ خضر کی بھی جس نے رہبری

ایسا شجاع کوئی ہوا ہے نہ ہوئے گا
حصے میں دی ہے شہ کو خدا نے دلاوری

جب ذوالفقار لیکے ہوئے آپ حملہ ور
پیدا ہوئے ہیں سینکڑوں کوئی نہ خیبری

غصے کی آنکھ سے جو کبھی دیکھیں حضور
پڑ جائے تن میں مہر منور کے تھرتھری

اسپ سبک لجام کی کیا ہو سکے ثنا
کیا تاب ہے یاں سمند سکندر سکندری

دونوں جہاں نہیں دونوں کا ثانی کوئی نہیں
فارس ہے رشک حور ہیں غیرت پری

دیکھا ہے جب سے معرکہ میں آپکا جلال
تھرا رہا ہے خوف سے خورشید خاوری

ہیں بادشاہ کون و مکان آپ یا علی
خاقان روزگار کا ہے فخر چاکری

گردونہ مہر و مہ جو چمکتے ہیں صبح و شام
ہیں عرش کی شرف کے دم سے یہ دہر پروری

معنا زمین میں آپ ہی سلطان بحر و بر
زیر نگیں ہے آپکے خشکی ہو یا تری

سائل کو تیغ جنگ میں کی آپ نے عطا
دنیا کوئی سخی ہے نہ ایسا کوئی جری

حق کی طرف سے آپ ہیں مختار جزو و کل
کون و مکان کا کون ہے عالم میں قیصری

ہین آپ دستگیر جہان اسمین شک نہین — دن رات ہم سے ہو نہ رہی مہر یاوری
یا شاہ رحم کیجیے اب اس گدا پہ بھی — بر آئے اب کے سال تمنا ہے جو مری
برسون سے ہے غلام غم و ہم مین مبتلا — بنجائے کام اب مرا بھی نظر ہو جو سرسری
ہے بارگاہ شاہ امم مرجع انام — بے شبہہ آپ ہی مین ہے خلق پیمبری
مداح اب تو مضطر و حیران کمال ہے — شام و سحر ستاتی ہے فدوی کو بے زری
کیجیے مدد برائے شہنشاہ انبیا — پاتا ہون اپنے حال مین ہر روز ابتری
مدح و ثنا مین صرف ہوئی ہے جتنی عمر — منقا دیشت کے لئے ہے فخر ذاکری
محروم آستانے سے کوئی نہین پھرا — بر آئیگی ضرور تمنائے دل مری
یارب جہان مین شاد رہین دوستان آل — کہتی رہے یہ تا بہ قیامت پری پری
جبتک چمن مین پھول مین خوشبو ہو — جبتک شگفتہ ہے چمنستان شاعری
مطلب برآئین اونکے جو ہین جمع مومنین — محشر تلک کھلے رہین گلہائے جعفری
بانی جشن کے بھی مطالب حصول ہون — یارب بحق شاہ نجف سرور جری
طاعون جلد دفع ہوا سے بہر کریگا — اور ہو بخار دور پئے سرور جری
ہم سب کے بھی گناہ ہونکو تو بخش اے رحیم — جنت مین گھر عطا ہون پئے سرور جری
جبکہین تو ہے مضطر و نالان عجب عجب — ہو جائیگی ضرور ابھی بندہ پروری
جبکہین زار پر نظر لطف ہو شتاب — ہے ختم آپ پر بخدا بندہ پروری
سرکار نامدار کی ہر آرزو بر آئے — صدقہ اوسی کا آج جو پیدا ہوا جری

قصیدہ در تہنیت جشن ولادت باسعادت حضرت مولائی متقیان امیر المومنین و یعسوب الدین امام اول علی ابن ابیطالب علیہ الصلوٰۃ والسلام

قصیدہ در مدح جناب امیر المومنین علیہ السلام

جان و دل سے خالق کونین کے شیدا ہیں آپ ‏ بعد احمد یا علی مخلوق سے اعلیٰ ہیں آپ

خانہ معبود میں حضرت فقط پیدا ہوئے ‏ آپکا عاشق خدا اللہ کے شیدا ہیں آپ

آپ ہی ہیں حضرت شبیر و شبر کے پدر ‏ خویش احمد آپ زوج حضرت زہرا ہیں آپ

ہے جہاں سرسبز فیض پائے حضرت سے مگر ‏ جسکا سایہ قصر جنت میں ہے وہ طوبیٰ ہیں آپ

منبع جود و سخا ہیں آپ اے والا گہر ‏ کم ہے قطرہ سے سمندر جسکی وہ دریا ہیں آپ

معرکوں میں آپ ہی کرتے رہے سینہ سپر ‏ جان و دل سے سید لولاک کے شیدا ہیں آپ

آپکے پیچھے پڑھینگے حضرت عیسیٰ نماز ‏ کھل گیا اس سے کہ فخر آدم و یحییٰ ہیں آپ

قاتل کفار حضرت کے سوا ہے اور کون ‏ ہے بہادر کون ایسا ضیغم یکتا ہیں آپ

آپکے در کے گدا ہیں سب سلاطین جہاں ‏ گو بظاہر اک فقط شاہنشہ بطحا ہیں آپ

تھا جہاں قبضے میں پھر کھایا کئے نان جویں ‏ تھا تنفر مال و زر سے تارک دنیا ہیں آپ

جبرئیل نامور کو خدمت شہ کا ہے فخر
جانتے ہین سب کہ کل عبدون مین متقی ہین آپ

آپکی چاہت جنھین ہے وہ ہی شیرین جاہ ہین
جسکے قطرہ ہین یہ سب وہ قلزم دریا ہین آپ

آپ سے اعلیٰ فقط ہے احمد مرسل کی ذات
ہر پیمبر سے بلا شک افضل و اعلیٰ ہین آپ

کوئی کہتا ہے بشر اور کوئی کہتا ہے خدا
ہم سمجھ سکتے نہین مولا کہ آخر کیا ہین آپ

آپ ہی ہم سبکے شافع ہونگے بیشک پیش حق
ہم گنہگارونکے مولا ماوی و ملجا ہین آپ

سب سے پہلے نور حضرت کا کیا خالق نے خلق
باعث ایجاد و وجہ خلقت دنیا ہین آپ

کوئی ہمسر آپکا اب ہے نہ ہوگا حشر تک
آج ہر مخلوق سے ممتاز و ذی رتبہ ہین آپ

کو نبی نے تو وصی اپنا کیا روز غدیر
ہم غلامون کے ازل کے روز سے آقا ہین آپ

آپکی اولاد پہ ہم جان و دل سے ہین فدا
ہین پدر گیارہ امامونکے مرے آقا ہین آپ

نہ سخاوت مین کوئی ہمسر نہ ایسا ہے شجاع
ہے عقیدہ اپنا یہ بعد نبی یکتا ہین آپ

آپکے زیر نگین عالم مین ہے ہر خشک و تر
حق کی جانب سے شہ دنیا و ما فیہا ہین آپ

آپکے رتبون سے واقف یا نبی ہین یا خدا — جاننے والے خدا کے یا نبی ہین یا ہین آپ

احمد مرسل کو بھی نہ بہا پہچانا ہین — بعد خالق ان مدارج مین بھی مستغنی ہین آپ

آپکا عدل و سخا آفاق مین مشہور ہے — پہر وحق کے معین ہین قاتل عدا ہین آپ

دیکھتا ہے جو رخ انور وہ فرماتا ہے وجد — پڑہتے ہین صل علی اسلیے خوش چہرہ ہین آپ

معرکون مین احمد مرسل پہ آنچ آنے نہ دی — پہر مہم کو سر کیا وہ معرکہ آرا ہین آپ

جو مقابل ہو گئے وہ پا گئے فوراً شکست — کون سر پر آپ سے ہو ضیغم ہیجا ہین آپ

آپکی مدح و ثنا سب انس و جن کیا کر سکین — قدرت معبود کا آفاق مین نقشہ ہین آپ

آپکے لہجے مین کی معبود نے جب گفتگو — یہ نبی سمجھے کہ عرش پاک پر گویا ہین آپ

آپکے رتبون سے واقف ہے خدا کے دو جہان — ہر نبی سے منزلت مین اوج مین بالا ہین آپ

سر بشر سے ہو سکے کیا آپکی مدح و ثنا — شان خالق ہین سراپا نور کا پتلا ہین آپ

انس و جن حور و غلمان کے معطر ہین مشام — جن سے خوشبو ہین دو عالم وہ گل رعنا ہین آپ

آپ ہی دونوں جہانمیں ہیں مددگار و معین | آپنے شیعوں کے لئے رحمت ہی بنایا ہے آپ
اب قلم کو روک ای حیدری چلیں کر یہ التجا | حامی دنیا و دیں ہیں شافع فردا ہیں آپ
باقی و ساعی ہیں با آبرو آفاق میں | اپنے شیعوں کے لئے تو امن و ملجا ہیں آپ
ہو مرے سرکار کی حشمت سوا دولت فزون | آپ دنیا میں معین ہیں مالک فردا ہیں آپ

قصیدہ در مدح جناب امیر المومنین علیہ السلام

کسی کا بار احسان فرق پر لینا نہیں بہتر | ہے جو لطف و کرم کا تجھسے ہی طالب ہے یہ جعفر
خدائی میں خدا کی ناموری ہیں پنجتن سرور | فدائے حضرت زہرا نثار حیدر صفدر
خبر ہے مشتہر دولہا بنے ہیں حیدر صفدر | برائے نذر سب غنچے لئے ہیں مٹھیوں میں زر
تجھی سے واسطہ رکھتا ہے اک بیکس و مضطر | الٰہی بہر زہرا و علی کر رحم بندوں پر
جو سچ پوچھو ہی دونوں جہانمیں کام آتے ہیں | انہیں کا عشق ہے دل میں نثار آل پیغمبر
نظر میں مال دنیا ہیچ ہے کیا منزلت اسکی | عطا کی نظم کی دولت ترا احسان ہے ای داور
ہمیشہ راحت و آرام سے کٹتے ہیں روز و شب | ہماری آنکھ میں مطلق نہیں توقیر سیم و زر
بفضل حق ہمیں بارہ اماموں سے تعشق ہے | ملے گر دولت دنیا تو کچھ اس سے نہیں بہتر
لکھو تم بھی قصیدہ آج اک اہل زبان ہم ہو | نہیں آگاہ کیا کوئی عمل اس سے نہیں بہتر
پڑھو اپنا قصیدہ جمع میں احباب صحبت میں | دکھا دو بزم میں اہل زبان کو آج تو جوہر
یہ سنکر لیکے قرطاس و قلم یہ فکر کی تازہ | سنیں اب بوستان مصطفےٰ اٹھتا ہوں لے قمبر
جھکا دی ساقیا پیہم شراب ناب سے جلدی | جو ہیں اس مے کے عادی وہ نہیں جاتے ہیں ٹھیکر

گھٹا چھائی ہوئی ہے ہر طرف سے ابر و ہے مین
ہمارے جام کو ساقی شراب خلد سے بھر دے
پلا دے خلد کا اک جام بھر ساقی کوثر
خبر لیجے برائے مصطفےٰ یا سید صفدر
کیا ہے مرجع مخلوق ذات پاک کو حق نے
دوبارہ پھر یہ پینے کی ہوس دل مین رہے باقی
ہے کیا بار دگر مسرت آج اوسنے ہنس کے یہ پوچھا
نہین کیا یاد تجھکو واہ دیکھی کی ہے پہلی
گھٹا چھائی ہوئی ہے ہر طرف سے ابر اٹھے ہین
علی مرتضیٰ دولہا بنے بیٹھے ہین محفل مین
جہان تھا عود و عنبر صل علی آگ جلتا ہے
زمین سے آسمان تک ہر طرف اک نور ساطع ہے
زمانے بھر کی خوشبو سے مشام جان معطر ہین
مبارک مومن کے چہرے سے مسرت آج ہے ظاہر
ہم شاخین نہالونکی گلے ملتی ہین آپس مین
جھکتا ہے سر اک سرو چمن ہر شاخ کے اوپر
ہین بانی اس خوشی کے میر سلطان علی صاحب
ادہر پھولونکے گلدستے دئیے جاتے ہین ہر دم
جہان بھر مین طرب کا آج اک سامان مہیا ہے
زمانے بھر کے خوشبو سے مشام جان معطر ہین
ادہر تقسیم پھولونکی ادہر کو عطر بٹتا ہے

الموں سے میرا اے ساقی پلا دے مشکبو عنبر
گھٹا کی طرح ساقی آج جام مین تر ہو دیر سے
قدم کو ہاتھ کو لغزش ہے ساری بیخودی ہے جو
سوا آگے آپکے کوئی نہین ہے ناصر و یاور
ہی جو کمٹ پر ابھی ساقی نہ رزونکے چھلکتے ہین
پلا دے ہاتھ سے اپنے چھلکتا خلد کا ساغر
کہا ہین نے کہ تو واقف نہین ہے بیہودہ اور
گلے ملتے ہین ہم مومن و دیندار خوش ہو کر
محمد شاد ہین گھر مین بیاہ ہے شاہ دلبر
چمکتا ہے زیادہ مہر تابان سے رخ انور
لیے خوشبو نرم سب جتین لئے ہین ہاتھ مین مجمر
لمعان ہے نور حق کا پر ضیا ہین شہر و شب و در
ہوا خلد برین کی یان چلی آتی ہے فر فر
مبارک باد خوشی کے ہو رہا ہے آپ سے باہر
خندہ زن ہو گلستان مین شگفتہ ہین گل احمر
پروانہ کو جو شکر لہا پر لگا آتے ہین سب چلکر
خدا مسرور رکھے آنکو بہر احمد و حیدر
ادہر ہے عطر کی تقسیم صل علی علی لب پر
خوشی کی آج جنت مین آرہی ہین جشن ہے گھر گھر
اک گلشن یا چمن ہر مین ہے خوب بازار در
مہکتا ہے مکان یا صفا خوشبو سے سراسر

قصیدہ ختم ہے جز جلیس اب حق سے دعا مانگو
تو کر ہم سب پہ اپنا رحم اب ای خالق اکبر

یہ ہے وقت اجابت ہاتھ اوٹھا کر سب کہیں آمین
دعا مقبول کر ہم سب کی بہر احمد و حیدر

قصیدہ در مدح امام اول علی ابن ابی طالب علیہ السلام

آج پیدا ہوا دنیا میں شہ کون و مکان
کس طرف دہیان ہے کر مدح علی ذیشان

آپ قرآن میں خدا کرتا ہے توصیف جلب
کیا مرا منہ جو کروں مدح شہ کون و مکان

فاطمہ بنت اسد کی ہے زبانی یہہ رقم
درد زہ کا جو اثر ہونے لگا مجھپہ گران

خانہ کعبہ کے نزدیک گئی بہر دعا
وان نظر آئی عجب قدرت خلاق زمان

پشت کعبہ کی جو دیوار ہوئی شق فوراً
آئی آواز کہ آ مادر شیر یزدان

جلد داخل ہو بس اب دیر کا ہنگام نہیں
تجھکو اسوقت یہ ہے حکم خداوند زمان

سر جھکائے ہوئے داخل ہوئی میں وان یا رب
وہیں پیدا ہوا یہ طفل بصد شوکت و شان

ہوگئے پیدا یہ کیا سر سجدہ خالق میں جھکا
کلمۂ طیبہ اوسوقت بہی تہا ورد زبان

تین دن تک رہی میں حکم الٰہی سے وہیں
بعد اس طفل کو لیکر میں ہوئی وان سے روان

آئی آواز کہ اس طفل کا رکھنا نام علی
ہوگا یہہ بعد نبی دین میں ذی شوکت و شان

میوہ خلد بریں آتے رہے کہانیکو
کس زبان سے میں کروں شکر خداوند زمان

گہر میں داخل ہوئی مولود کو ہاتھوں پہ لیے
گود میں لیکے خوشی ہوگئے سردار زمان

متعجب ہوئے سب سنکے یہ امر صعب
جو کہ گذرا تہا وہ سب حال کیا میں نے بیان

کو دیکھیں احمد مختار کی ہیں شیر خدا
ابن حضرت شاہ ابو طالب ذی شوکت و شان

تھے یہیں مادر حیدر کی [illegible] موجود
[illegible] جھک کے گلے ملتے ہیں پیر و جوان

کہتے ہیں دیکھکے قرآن علی کی صورت
[illegible] پاک تو خورشید سے بھی ہے تابان

ہے یہ ہر قوم کہ رہنما ہیں محبوب خدا
تیرے اوصاف سے واقف نہیں کوئی انسان

نہیں آفاق میں پہچانتا مجھکو کوئی
یا علی جانتے ہیں یا کہ خدائے سبحان

نہیں آگاہ کوئی رتبہ حیدر سے بھی
یا نبی واقف ہوں و یا خالق ہر کون و مکان

نہیں پہچانا خدا کو بھی کسی بندے نے
بس نبی پہچانتا ہوں یا کہ علی ذیشان

جشن کی آج ہے تقریب بپا ہر گھر میں
جس طرف دیکھو نئے رنگ کا اک ہے سامان

کثرت خلق سے مردم کے کھوے چھلتے ہیں
سیر و سامان طرب چار طرف کو ہیں عیان

عطر کی چائے کی تقسیم ہے جاری ہر سمت
تہنیت دیتا ہے خوش ہو کے ہر اک پیر و جوان

شور ہے صل علیٰ کا سبھی جانب کو بلند
آج آتا ہے نظر شاد ہر اک خرد و کلان

کیسے خوش ہو ہو کے پڑھتے ہیں قصائد شعرا
سننے والونکے بھی چہرونسے بشاشت ہے عیان

آج ہر مومن دیندار خوشی سے بیحد
تہہ افلاک ہے اک قدرت باری کا سمان

جوش ہے مدح سرائے علی کا مجھکو
فضل خالق سے مری طبع ہے دریائے روان

ہاں پڑھو شوق سے تم اپنا قصیدہ حبیں
آج تو جمع ہیں اس جشن میں سب اہل زبان

مطلع

شکر ہے ہو گئے بخشش کے ہزاروں سامان
حشر میں ہاتھ ہمارے ہیں علی کا دامان

سن لیں اب دل سے وہ موجود ہیں جو خرد و کلان
مختصر سا ہے یہ میلاد کا حضرت کے بیان

سچ یہ ہے آپکا وصف ہے خدا اور رسول
کروں میں مدح علی کیا ہے مری تاب و توان

تیری اس نظم سے حضار کی جانیں ہیں لٹی
سب یہ کہتے ہیں کہ ہاں اور پڑھو بھائی جان

آج تکے ہین خوشی سبکو ہوئی ہے حاصل
بادشاہان جہان کی تو حقیقت ہی نہیں
ہین ہی آپکے مداح تو واصف ہے خدا
ہان اگر آپ ہی چاہین تو جھکتا ہے
کیا پسند آئے کسی اہل زبان کو یہ کلام
فخر مجھکو ہے وہ عالم مین ہی تو حاصل
واقعی دھوم سخاوت کی ہر اک جا ہے آج
طبقے ساتون پہنچونکے ابھی کھنچ جائین
ذکر کچھ اونکا ہے مداح کو اب مد نظر
اونکی توصیف و ثنا ہین ہین زبانین تمام
فخر ہم سب کی ہے شاگردی ناجی صاحب
اونکی توصیف بہ ترک ہے تو ہین ہو ملتی
نور صاحب ہے باکر اپنے ہنر پر نور
علم ہین کامل و اکمل ہین جناب دانش
خوب فرمانے ہین بے تشبیہ مجنے کی جاہ
سب ہی آگاہ ہین خوش فکر ہین شیدا صاحب
فیض ہے اظہر و ناجی کا دکن ہین جاری
اپنے خوشگل ہین کہرتے ہین تجلیت یہ نظم
نظم … ہین نہایت ہی … فن اکمل
… کی ہوتی تقسیم ہین سرگرمی ہے
… کچھ شعر ہیان اسکے قصیدہ ہے ختم

تاب خورشید زیادہ ہین تو ہیں درخشان
آپکے آگے تو ہے پست ہر اک شخص کی شان
کیا بھلا منہ ہے مرا ادھر کی کیا میری زبان
ذرہ خاک سے بیقدر ہے یہ ہیچمدان
پھیکا پکوان ہی گرد و بجتی ہے دوکان
آپ ہی کے تو گہر لیے کا ہون اگر شیرخوان
ہے شجاعت ہر سو مولا کی ثنا ہین عیان
یا علی آپکی تلوار ہے ایسی بران
تو کہ حاضر ہین بیان و صف سلطان
مانتے ہین انہیں آفاق ہین کل پیر و جوان
اب یہ بادشاہ زمانہ ہین لقب شوکت شان
اب دکن مین ہی مشہور ہین استاد زمان
آج جو ہر کے ہی جو ہر ہین بتانے ہین عیان
انکے مداح ہین آفاق مین کل پیر و جوان
نثر مین نظم ہین ہر گو ہی ہین یہ اہل زبان
انکی توصیف بھلا مجھسے ہو کسطرح بیان
انکے شاگرد ہی مشہور ہین کل اہل زبان
سب ہی واقف ہین کہ سدرہ ہین بڑے اہل زبان
حامد و واجد و سجاد کا ہے مثل کہان
میر یسین علی صاحب شیدا ہین کہان
کہ وہ ہین عاشق و شیدائے علی ذی شان

نیر ہوں ماہ رجب کی ہے خوشی کیوں نہ ہوں سب
شعرا جتنے ہیں اس جشن میں موجود ہیں سب
کچھ عجب رنگ عجب شان نظر آتی ہے
نعرۂ صل علےٰ ہوتے ہیں بہ سرت بلند
گود میں حیدر صفدر کو لئے ہیں مطرب
جشن ہے حیدر صفدر کی ولادت کا آج
نظم کا باغ ہمیشہ سے تر و تازہ ہے
اس قصیدہ کو بس اب ختم کرو ای جلیس
بانیِ جشن کے برآئیں مطالب یارب
مومنین جتنے ہیں آفاق میں آباد رہیں
جتنے مومن ہیں رہیں خلق میں آسائش سے
ہو عبادت کا سدا ایک بندۂ معبود کو شوق
میری امداد بھی فرمایئے از بہر خدا
میرے سرکار کے برآئیں دلی سب مطلب
حال سب آپ پہ روشن ہے زمانے بھر کا
دوست جتنے تھے وہی اب ہیں عدو جانی
عرض حاجات کی حاجت نہیں کچھ پیش حضور
کون ہے دادرس خلق کہو نہیں جس سے
دادخواہی کا یہی وقت ہے کیجے امداد

بس جلیس اب تو سن خامہ کی عنان
ان میں ایک ایک سے اعلیٰ ہے کروں کسکا بیان
آج ہے دیکھنے قابل چمنان جہان
مومنین ہو گئے سب مورد فضل یزدان
آج ہی دن ہیں فرحناک رسول دو جہان
اوٹھکے ملتے ہیں گلے آج ہم پیر و جوان
اسی گلزار میں ہونے کا نہیں دخل خزان
کہیں آمین جو اس جشن میں ہیں جلوہ کنان
کہ یہ ہیں عاشق و شیدائے علی ذیشان
سر مرحب و مع ہو غلط ہی بس اب ہوا زان
بہر سبطین نبی عیش کا کر دے سامان
نیک ہم سب ہوں اگر دور ہو دخل شیطان
ذات سے آپکی فریادرس پیر و جوان
بحق حیدر کرار و رسول یزدان
جو مرا مطلب دل ہے وہ نہیں تجھ سے نہان
آجکل تیر ہیں سر کے لئے شمشیر و سنان
حال سب آپ پہ روشن ہی عیان را چہ بیان
آپکی چھوڑ کے سرکار بھلا جاؤں کہاں
بے خبر آپ ہیں مجھے یہ نہیں وہم و گمان

قصیدہ در تہنیت جشن ولادت جناب امیرالمومنین علیہ السلام

آج پیدا ہوا فخر خدام خدائے متعال
میرے مولا کے سوا کعبے میں پیدا ہوا کون
نور کے سانچے میں ڈھالا ہے ید قدرت نے
آج پیدا ہوئے کعبے میں علی ذی جاہ
عہد میں اپنے اژدر کو کیا دو ٹکڑے
مشرکوں سے بھی لڑے بدر ز در شیر پایا کلمہ
دیو کے بازو دئے جہال سے خیبر کے ہاتھ
بدر میں چمکی ہے تیغ شہ صفدر جب دن
آپ نے مرحب و عنتر کو کیا دم میں ہلاک
ہے سخاوت مرے مولا کی بھی ظاہر سب پر
رات کو کرتے تھے خدمت فقرا کی مولا
آپ نے سر علم میں بھی کونین جھکوائے
سر صفت میں ہیں علی فرد سبھی ہیں واقف
دین اسلام قوی ہو گیا فضل رب سے
ثنا نہیں آپکا وصف ہے خدائے دو جہان
ہاں جھکا ساقی کا کلام ہر اک سے بید شکر
کبھی جاتے ہوئے دیکھا ہے کسی نے بھی پر
مدح میں ساقی کوثر کی نہ تعویق ہو کچھ
ہم تو دعوی ہی رہائی ہوئے ہیں اس در پر
مر ہوں جب مرا آگاہ نہیں تو ست بید
جشن ہے دور چلے آتشہ پھر ساغر کا

کیوں مسرت نہ ہو مومن ہوں نہ کیونکر خوشحال
کہ ہے عزت و توقیر شاہا ہ و جلال
آنکھوں کو بخشا ہے خالق نے تجھے حسن و جمال
پیدا ہو مولود کی ساعت ہیں ہم سب خوشحال
کسی بچے نے بھی طفلی میں دکھایا ہے کمال
تو کی شراب ہوا فاق میں کیا ہے یہ مجال
آنکھیں کھول سکے تھی نہ کسی کی یہ مجال
جو نکلے تھے ہوئی سیف سے حضرت کی جلال
آپ نے جب کیا حملہ ہوئے پسپا اہل ضلال
رد کیا ہی نہیں شہ نے کسی سائل کا سوال
نہ کسی رستے کوئی بھی رستا تھا خیال
راستے پر جو نہ آئے وہ ہوئے جن بحال
کہیں ملتی نہیں ڈھونڈھے سے نظیر و مثال
آج خوشحال ہو مومنین ہی نیک خصال
آپکی مدح و ثنا میں تو زبانیں ہیں لال
ہو مرصع ہو طلا کار ہو وہ جام بکمال
مئے فردوس پہ رندوں کی ٹپکتی ہے رال
جلد تو مجھکو چکھا دے کہ ہے تیرا خیال
مے پیئے یاں سے نہ اٹھیں گے رہی اسکا خیال
ہوں میں مداح علی دے نہ مجھے جام سفال
تو دے جامیں پیئے جاؤنگا تا وقت زوال

سن ذرا کب سے صدا دیتا ہون ساقی ہاتی
عہد مین اپنے ہر اک لطف سے پیش آیا ہے
اوسکا افضال جو ہے شامل احوال فقیر

تیرا دم بھرتا ہون اے ساقی کلمن بین بہی
دیکھ ابر سے پڑنے لگی وہ رحمت کی پھوہار
رحمت اللہ کی نازل ہوئی میخوارون پر

مے پلا جلد کہیں مدح مین تاخیر نہو
خوب ہی مجھکو چھکایا ترا احسان ساقی
تیرہوین ماہ رجب کی ہے نہایت مسعود
انکو اللہ شفا جلد عنایت کردے

آج جامے مین محب پھولون سماتے ہی نہین
جسطرف دیکھو خوشی ہی کے نمایان ہین اثر
تہنیت دیتے ہین آپسمین گلے ملتے ہین

جامدانی کے تو عمدہ ہین انگرکھے پہنے
سنجلے اک آن ہی اک جا پہ نہین ٹکتے ہین
آج بازارون مین اقسام کی موجود ہے جنس
آدمی کہو ہا کر اسکی نگاہون مین ہے
ملک سے انکے خدا اسکو رکھے گا محفوظ

سرخ اور سبز قبائین ہین محب کے تن مین
فاطمہ بنت اسد کعبے سے نکلین باہر
تہنیت کیلئے گردون سے ملک آئے ہین

کبھی رد کیا تو نے کسی سایل کا سوال
چودہ معصوم فلک قدر ہمارے ہین کلال
ہوتی جائیگی سوا لیکن مرے الفت آل
اسی پیتے مین تو گذرے ہین بہت سی سال
سرد چلتی ہین ہوائین تو برودت ہے کمال
نظر مہر ہے تو شکن ابرو پہ نہ ڈال
نظم کرنا ہے مجھے شہ کی ولادت کا حال
ٹہر گیا جوش تمنائے علی نیک خصال
کیا کرتے ہیں سخی جشن ولادت ہر سال
سال آیندہ یہ پھر جشن کرین حسب حال
ایسی ہم سب کو مسرت ہے کہ چہرے ہین لال
پیرہن تن مین گلابی ہین تو دستارین لال
کہین ہمرو کی قبا ہے تو کسی تن مین ہے شال
لکھنوی جتنے ہین اوڑھے ہین چکن کے رومال
کمسنی مین تو ہوا کرتے ہین بچے دیوتال
مینا مین ہو رہی ہین آج کھلی ہے ٹکسال
مال کا مول بڑھا دیتے ہین آکر دلال
سیکڑون دم مین بجھا دیتے ہین لیتے ہی جال
قرمزی رنگ کے بجون کے ہین ہاتھون مین رومال
آپکے ہاتو پہ ہے طفل بصد جاہ و جلال
فاطمہ بنت اسد شاد ہین عمران خوشحال

آپ پیدا ہوئے تعظیم کی خاطر اوٹھو
یہی زیبا ہے کہ بڑھ بڑھ کے کرو استقبال

سمجھتے جاتے ہیں کہ نجف اشرف میں
پہنچوں خدمت میں جو مولا ہی دعا میں تعال

شکر ہے دین کی دولت ہمیں دی حاتو نے
ملک کی اصل ہے کیا خاک ہے توقیر مال

اب کسی جا پہ ذرا بھی نہیں توقیر سخن
خلق سے اوٹھ گئے افسوس جو تھے اہل کمال

ہاتھ دنیا سے جو کھینچا ہے تو کچھ فکر نہیں
شکر ہے دین کی دولت سے ہیں ہم مالا مال

مال دنیا کی تو عقبیٰ میں حقیقت ہی نہیں
صاحب علم کی دولت پہ نہ آئے گا زوال

جو علی کے نہیں قائل وہ جہنم میں پڑیں
بحث بیکار ہے جاتے ہیں یہاں قیل و قال

آپ چاہیں تو بدلجائے مقدر کی بدی
سہل ہے آپکو واللہ ہر اک امر محال

موت آئے تو زیارت ہو ہمیں مجھکو نصیب
خوف گر ہے تو یہی ہے کہ برے ہیں اعمال

دیکھیے ہوتا ہے کسطور سے انجام بخیر
ہائے سر پیٹتے جاتے ہیں کیا ہوگا وبال

ہے یہی سوچ کہ کچھ عرض کروں یا نکروں
سمجھا آپ پہ ظاہر ہے ہر اک میرا حال

جو طلب کرتا ہوں مولا سے وہی پاتا ہوں
غیر سے آجتک تو نہ کیا ہوگا سوال

پیٹ بھر بھر کے غذا رزق عطا کرتا ہے
نہیں درکار غلامان علی کو زر و مال

دل میں الفت رہے مولا کی جیوں یا کہ مروں
حق تعالیٰ کو ہے معلوم مرے دل کا حال

کون ہے آپ سے دی قدر بھلا پیش اله
آپ سے گر نہ کروں میں تو کروں کس سے سوال

ہم فدا ہوں ہے نہ مولا رہیں غافل دہر
دوست سرسبز رہیں آپکے دشمن پامال

وارد دنیا میں بھی اقسام کی دولت پائیں
بعد مرنیکے تو ہے نیک محبوں کا مآل

جتنے مومن ہوئے ہیں فوت وہ سب بخشے جائیں
خلد میں پائیں مکان زمرۂ نیک خصال

بانی جشن کے بر آئیں مطالب سارے
کہیں آمین جو حاضر ہیں یہاں نیک خصال

جتنے محتاج ہیں دنیا میں وہ ہو جائیں غنی
دور ہو جائیں ہر اک طور کے رنج و ملال

آج ہر ملک میں ناہر دہ میں ہر ک شئے ہو گراں
علم ارزان ہو بحق علی نیک خصال

خوش رہیں ہم سب جو ہر اک شہر سے ہو دور وبا
دفع طاعون ہوا ہے مرے خدائے متعال

جتنے بیمار ہیں ہم سب کے وہ ہو جائیں دور
غم و اندوہ و تعب سے ہوئے جاتے ہیں نڈھال

جتنے بیمار ہیں اون سب کو شفا ہو یارب
اونکو فرزند عطا کر نہیں جنکے اطفال

ابتو مخلوق ہوئی جاتی ہے فاقوں سے ہلاک
دور ہو جائے ہر اک شہر سے غلے کا کال

دور ہم سب سے رہے وسوسہ شیطانی
نیک اعمال کریں ہم بھی ہر قلب میں ڈال

مرگ کے وقت نہ شیطان ہمیں بہکائے
قوتیں جتنی ہیں ہر طور کی تو سب کو سنبھال

والیِ ملک رہے شاد و فرحناک سدا
دمبدم ہوئے فزون دولت و عمر و اقبال

میرے سرکار باقبال رہیں دنیا میں
اونکی اولاد بھی تا حشر رہے سب خوشحال

جلد تر سامع و بانی کے بر آئیں مطلب
برکت عمر میں ہوا در سوا ہوا اقبال

میرے سرکار کی ہو عمر اور اقبال سوا
رہیں دل شاد جہاں میں یہ مع اہل و عیال

قصیدہ در مدح امام اول علی ابن ابی طالب علیہ السلام

روز و شب مدح و ثنائے حیدر ذیجاہ ہے
ساقیِ کوثر کی اے جبرئیل دل میں چاہ ہے

بس یہی اپنا عقیدہ ہے خدا آگاہ ہے
بندۂ مقبول باری حیدر ذیجاہ ہے

مژدہ باد اے دل خوشی سے مرد حق آگاہ ہے
مولدِ حیدر سے روشن آج بیت اللہ ہے

بزم جشن مولد ابن ابی طالب کی ہے
باادب بیٹھو کہ یہ دربار شاہنشاہ ہے

وہ ہوا آفاق میں پیدا نہیں جسکا نظیر
زوج زہرا کا ہے داماد رسول اللہ ہے

آسمان سے تہنیت کو آئے ہیں صد ہا ملک
سرخ فرحت کے سبب روئے رسول اللہ ہے

ہے ابو طالب کے چہرے سے مسرت آشکار
حضرت حمزہ کو اس طفل حسین کی چاہ ہے

منزلت تیری بہت ہے پیش خلاق زمان
تین حصے شان میں تیری کلام اللہ ہے

جو نہین تیرا محب اوس بحر کا پانی ہے شور
سینکڑون مردے جلا دیتا ہے تو اک آن مین
چہرۂ پر نور سے دونون جہان روشن ہوئے
جز رسول کبریا تیرا نہین ہمسر کوئی
تیری ضربت سے پر جبرئیل مین ٹانکے ہوئے
خلق مین پھیلی ہے یہ تیرے قدم سے روشنی
رہ نمائے دین حق تو ہے نہین کچھ اسمین شک
تیرے پائے تک کوئی پہنچا نہین ای نور حق
عین نادانی ہے غیرون کو برابر جاننا
ایسا ذی رتبہ ہے تو تیرا زچہ خانہ بنا
دبے ہی تجھسے رہے سارے صنادید قریش
بے تقیہ صاف کہتا ہون نہین خوف و خطر
سات پشتونکے لئے کافی ہے یہ ہمکو شرف
مالک و مختار ہے کون و مکان کا اور کون
عیب تیری ذات مین کوئی نہین واقف ہین سب
ہم بھلا کیا جان سکتے ہین جو رتبے ہین ترے
جا بجا جلوہ نظر آتا ہے تیرے نور کا
تیرے نور پاک سے دونون جہان روشن ہوئے
منحرف تجھسے جو ہی دشمن خدا کا ہے وہی

جوش الفت جسکے دل مین ہو وہ شیرین جاہ ہے
اب تو ہی فخر کلیم اللہ و روح اللہ ہے
مہر کا کیا اوج ہے اور کیا عروج ماہ ہے
حق نما ہے ذات تیری تو ہی حق آگاہ ہے
زور و قوت سے تری خیبر کا در آگاہ ہے
تیرے پرتو سے درخشان روئے مہر و ماہ ہے
راستہ اورون سے جو لینا ہے وہ گمراہ ہے
تو ہی ذی رتبہ ہے مولا اور تو ہی ذیجاہ ہے
شیر حق سے نامناسب نسبت روباہ ہے
ورنہ معبد انبیا کا خانۂ اللہ ہے
تو بلا شک زور بازوئے رسول اللہ ہے
راہ گر تجھسے نہین گمراہ ہے گمراہ ہے
جسکے پیر و خضر ہین انبیا وہ خضر راہ ہے
سر جھکا رہتا ہی سبکا وہ تری درگاہ ہے
ساتھ ہے تو حق کے بیشک حق ترے ہمراہ ہے
حق ہے واقف اوس سے جو کچھ تیرا عز و جاہ ہے
طور ہی اک کیا فقط تیری تجلی گاہ ہے
عرش رب العالمین تیری تجلی گاہ ہے
تجھسے الفت ہے جسے وہ مرد حق آگاہ ہے

قطعہ

گو دیئے لیکر رسول اللہ فرمانے ہین یہ
مہر گردون بہی خجل ہے جس سے یہ وہ ماہ ہے

بنی اقدس ہے قرآن کی ثانی لا کلام
ابروئے خمدار اسکا مد بسم اللہ ہے

مجھسے ملتا ہے جسے وہ راستہ اس سے رکھے
جو محب اسکا نہین بے شبہہ وہ گمراہ ہے

شکر خالق قوت بازو عطا مجھکو کیا
کیا شریک حال میرے رحمت اللہ ہے

تونے طوفان سے بچایا ہے سفینہ نوح کا
پار ہے بیڑا اوسی کا جسکو تیری چاہ ہے

تیری الفت فائدہ دیتی ہے سبکو لا کلام
تیری جاگہہ دل مین ہے جسکے وہ بیت اللہ ہے

رفعت و شان و بزرگی سے تری واقف ہے کون
عرش اعظم سے بہی بالا تر تری درگاہ ہے

جب قدم پہنچا رکاب دوش تک ختم تہا
تجھسے بہتر کون قاری کلام اللہ ہے

جلد تر پہر زیارت پہر طلب کیجے مجھے
پر یہان نہ راحلہ نہ پاس زاد راہ ہے

چرخ کے ہاتہون بہت نالان ہون کیجے مدد
دور ہی حضرت سے پہر لب پر فغان و آہ ہے

ہے یقین دل کو مرے مولا بلائینگے ضرور
پہر مجھے مد نظر طوف مزار شاہ ہے

زائران شاہ والا کے معطر ہین مشام
جلد مین ملتی ہوئی ارض نجف کی راہ ہے

مفلسی بہی دور ہو اور قرض بہی سب ہو ادا
مدح پر صدمہ جو ہے لب پر فغان و آہ ہے

ایک مدراحت ہے دل کو ہین صبح و مسا
شاد مجھکو کیجے مولا غم جان کاہ ہے

بندہ سے میرا طلب کرنا کوئی مشکل نہین
کہربا کو کب بہلا دشوار جذب کاہ ہے

آپکے در کے سوا نادار اب جائے کہان
درد دل اوروں سے کہنے مین مجھے اکراہ ہے

آرزو ہے اور اک اولاد ہو مجھکو عطا
دار دنیا مین اسی سے سبکا عز و جاہ ہے

ہاتہ پہیلانے سے مجھکو شرم آتی ہے کمال
آپ خود واقف ہین اور اللہ بہی آگاہ ہے

دل کے تین ہین جتنے مطالب وہ بہی برآئین تمام
آپکے واصف کو ہر دم شغل اشک و آہ ہے

ہو ظہور حضرت قایم جہان مین جلد اب
جو ہے حضرت سے بنی اوس سے ہی مین اکراہ ہے

اک قصیدہ اور لکہہ کر مجلس ہی ہو پر طرب
مجمع احباب فضل حق سے خاطر خواہ ہے

آپکا روز ازل سے عشق ہے جس جسکو
راستہ اور ون سے رکہتا ہے نہ یاد اللہ سے

حاضرین بزم و بانی کے مطالب ہیں آمین ۔ لب پہ اپنے یہ دعا ہے سید سجاد سے
روز و شب اقبال ہو سرکار والا کا سوا ۔ ہو فزون اسسے جو ہے دنیا مین عز و جاہ سے

قصیدہ در مدح جناب امیرؑ و واقعہ وصایت بمقام غدیر

بہار آگئی ہے شکر رب یزدانی ۔ زبان بلبل شیدا پہ ہے غزلخوانی
برس رہا ہے جو نیسان تو بہر گئے جل تہل ۔ چمن مین ہو گئی ہر سمت گوہر افشانی
زمین کے فرش پہ سبزہ لگائے ہے بستر ۔ ادہر اکڑتے ہین یارہ رہ کے سرو بستانی
اودہر سنوارا ہے سوسن نے زلف مشکین کو ۔ لباس پہنے ہے کاہی کوئی دہانی
بہرے ہین غنچے حسینون نے پہول دامن مین ۔ ہوا سے ہوتی ہے ہر سمت عطر افشانی
وہ دیکہہ آتی ہے بوچہار تہم گئی جنگلی ۔ برس رہا ہے جہاجہم وہ ابر نیسانی
اخیر حج سے جو فارغ ہوئے شہ بطحا ۔ قمر سے بڑھ گیا وہ چاند نور پیشانی
تہے آپ فرقت کعبہ سے مضطر و مغموم ۔ کہ قدر آپ نے تہی اوس جگہہ کی پہچانی
تہا ایک لاکہہ سے مجمع سوا یہہ ہے لکہا ۔ وطن مین جائین یہی دلمین سب نے تہی ٹہانی
تہے پاس ناقہ شہ کے ابوذر و سلمان ۔ نظیر حضرت مقداد کا ہے نہ ثانی
علی تہے پہلوئے پیغمبر خدا مین مقیم ۔ زبان پاک پہ تہی حمد و نعت یزدانی
خدائے پاک ہے مداح اور ختم رسل ۔ یہ کیا ہے منہ جو علی کی کرون ثناخوانی
لکہا ہے راہ مین تہے حضرت رسول خدا ۔ کہ آئے روح امین لے کے حکم ربانی

سلام آپ کو فرماتا ہے خدا کے نام — کہ قدر آپکی اللہ نے ہے پہچانی
اور اسکے بعد ہوا ہے یہ حکم خالق کا — ہے ظاہر آپ بھی یہ جہان ہے فانی
زمانہ آپکی رحلت کا بھی قریب ہے اب — نصیب میں تھیں یہ ساری اذیتیں پانی
ہر اک نبی کا وصی ایک تھا یہ ظاہر ہے — جہان کا ہے یہی دستور ہی جہان بانی
علی کو اپنا وصی کیجے اب ہوا ہے یہ حکم — کہ جنسیں خلق خدا کیلئے ہو آشانی
تمہارا بھائی بھی داماد بھی ہے وہ صفدر — نہیں ہے جسکا زمانہ میں اب کوئی ثانی
خدائی بھر میں فضیلت اسیکو ہے حاصل — شریک اسکے ہے ہر وقت فضل یزدانی
پسند تمکو نبوت کیواسطے ہے کیا — امامت اسکے لئے ہے بہ فضل یزدانی
اسی نے خانہ کعبہ میں بت بھی توڑے ہیں — اسی کی ذات سے پہلا ہی نور ایمانی
اسی نے آپکی غزوں میں بھی تو کی ہی مدد — جبھی ہی خلق میں مشہور شیر یزدانی
یہ سب سے اعلیٰ ہے ہمنے رکھا ہے نام علی — محبت اسکی ہے لاریب جزو ایمانی
یہ مژدہ سنکے ہوے شاد دلمیں پیغمبر — کیا ہے سجدہ معبود و حمد یزدانی
یہ کہکے حضرت جبرئیل تو ہوئے رخصت — یہ دل میں تھے متردد رسول حقانی
تھی فکر دلمیں علی سے ہی منحرف عالم — نہ کسطرح سے بجالاؤں حکم یزدانی
یہ دل میں سوچکے وان سے چلے شہ اکرم — تمام منزلیں ہوتی نہیں سطے با آسانی
غدیر خم پہ جو پہنچے رسول ہر دوسرا — تو جبرئیل معاً لائے حکم یزدانی
جو حکم وان ہی ہوا تھا اوسکی کیجے یہان تعمیل — یہ سخت مرحلہ ہوئیگا سر با آسانی
جو آپ یہ نہ بجالائے حکم خالق کا — تو گویا حق کی کوئی بات ہی نہیں مانی
نہیں جو اہل ضلالت سے کچھ ڈر کا خیال — کرینگے آپکی اس امر میں نگہبانی
یہ سنکے ہوگئے مسرور شاہ جن و بشر — وہ دور ہوگئی جو دلمیں تھی پریشانی
کہا کہ اب نہیں کچھ مجھکو عذر کا موقع — معین وہ ہے تو ہر اک امر کی ہی آسانی

جو امر حق نہ بجا لاؤں کیا مرا مقدور
کروں گا دل سے میں تعمیل حکم یزدانی

مہار کھینچکے ناقے کو آپ نے روکا
کہار ہیں یہیں سب شہری و بیابانی

مجھے سنانا ہے وحی خدائے عز و جل
کہ جس سے دل میں بڑھی اور نور ایمانی

اونر کے ناقے سے بیٹھے جو آپ کرسی پر
فرشتے فخر سے کرنے لگے نگہبانی

دیا ہے قافلہ باشی نے بڑھکے یہ پیغام
نہ آگے یاں سے بڑھیں شہری و بیابانی

خدا کی سمت سے جو وحی آج آئی ہے
سنیں او سے یہیں سب ہے یہ حکم ربانی

اوتر پڑے یہیں بادشاہ کون و مکان
خدا کے فضل سے رحمت کی ہے فراوانی

جو آگے بڑھ گئے تھے سنکے یہ قریب آئے
جو پیچھے رہ گئے تھے پہنچے وہ باآسانی

تھی سبکے دل میں یہی فکر کیا کہیں گے رسول
ہے کون بات جو ان تک ہیں کی فرمانی

ہوا جو قافلہ سب حاجیوں کا ایک جگہہ
محال ہو گئی تھی قرب میں جگہہ پانی

تھا مجمع ایسا کہ آپس میں جھلتے تھے کھوے
ہر ایک کرتا تھا اوس جا شکر ربانی

تھے سبکے سب متاذی کہ فصل گرما تھی
تمازت ایسی بڑھی تھی کہ آگ تھا پانی

تھے سبکے سب وہ پسینے میں عرق جتنے ان
پہ سایہ آپکا تھا باعث نگہبانی

یہ ہو گئی تھی کہ ہوا کا گذر تھا ناممکن
ہر ایک جا تھی خس و خار کی فراوانی

بلند تھی کوئی جا اور کہیں پہ تھی پستی
پہ چشمے یاں سے نہ بہہ سکے لمیں تھی ٹھانی

اوٹھا کے سنگ پہاڑوں کے بھر دئے دامن
تعجب اسکا نہیں ہے یہ فطرت انسانی

زمین جو گرم تھی رکھنا ہیں رو میں زیر قدم
تمازت اپنی دکھاتا تھا مہر رخشانی

کیا عبا اون سے شغاف دامن صحرا
ہوئی وہ دور جو سرور کو تھی پریشانی

ادب سے نکلتا تھا منہ اپکا ہر اک مومن
نہ بول سکتا تھا کچھہ دل میں رہتی حیرانی

پڑے جو آگے تو ایک چشمہ بھی نمود ہوا
جو میٹھا شہد سے اور سرد برف سی پانی

جو اسکی تہہ میں تھے ظاہر وہ صاف ہونے لگے
تمامین جسکی ہے سر عقل کو بھی حیرانی

سے اوسکی دین کہ قدموں میں ہیں حضرت کے ۔ ذرا جو آب پینا ہو جائے سر سے طغیانی

چھلکا دے روز ہے نوروز کا مجھے ساقی ۔ ہے دہوپ پیاس کی تڑپ ہے مجھکو طغیانی

نہیں ہے دیر کا موقع شتاب دے ساغر ۔ پلا دے وہ کہ جسکا جہان میں ہو ثانی

وہ پھول دے کہ ہو جس سے مشام جان خوشبو ۔ کہ ہوش نشہ میں کرنی ہے یہہ ثنا خوانی

اوٹھائے ہاتھہ میں ہاں جلد ساغر و مینا ۔ مدد کر آپ مرے ساقی علی عمرانی

ہیں زید حجفہ میں ہمراہ احمد مرسل ۔ کرم میں خالق عالم کے ہے فراوانی

چھلکا دیا مجھے قربان تیری ہاتھوں کے ۔ ہے کم جو صورت بلبل کروں غزلخوانی

کجاوے اونٹونکے رکھے گئے کجاوے پہ ۔ تو اوسپہ جلوہ نما ہو وہ عرش کا ثانی

خدا کی حمد و ثنا و صفت تہی وردزبان ۔ رسول ہو گئے رونق فزا با آسانی

تکیں تہے دوسرے زینے پہ حیدر صفدر ۔ گئے تہے زیب سر پاک تاج نورانی

رسول پاک کہڑے ہو گئے سر منبر ۔ ثنائے حق میں پڑہا ایک خطبہ طولانی

پہر اوسکے بعد یہ ارشاد سب سے فرمایا ۔ ہوا یا دہر میں ہوگا وہ ایک دن فانی

قریب میری ہے دنیا سے دو دن اب رحلت ۔ ہر ایک شخص کو ایکبار ہے اجل آنی

خدا کے حکم سے کرتا ہوں میں علی کو وصی ۔ خدا ہی اوسکی ہے جسنے نہ بات یہہ مانی

علی کو آج سے میری جگہہ پہ سب سمجہیں ۔ ہوئی ہے آج سے یہ مرضی جہانبانی

یہ حکم محکم خلاق رب اکبر ہے ۔ کہ ہیں یقین کروں تقبیل امر ربانی

تمہارے حق میں میں کیا نبی تہا پہر کہا ۔ کہا یہ سب نے نظیر آپکا ہے نہ ثانی

کہا میں جسکا ہوں مولا یہہ اوسکا مولا ہے ۔ یہ میرا بہائی ہے داماد بہی ہے عمرانی

یہہ کہکے ہاتھہ پکڑ کر کیا علی کو بلند ۔ کہ جس سے ہو گیا حجفہ تمام نورانی

یہ دیکہا سب نے اوٹہائے ہیں احمد مختار ۔ نظر ہر ایک کو آیا وہ روئے نورانی

سفیدی بغل شاہ دین نمایاں تہی ۔ بلند اتنا کئے تہے رسول ربانی

ہر ایک دیکھہ رہا تہا علی کو حسرت سے
ہر ایک شخص پہ عالم عجب تہا وجدانی
کہا سبہون نے کہ ہم شادمان علی سے ہین
عزیز ہمکو ہے جان سے یہہ شیر یزدانی
ہر روز و شب ہے باعث مین مجمع مردم
چلے مدینے کو وان سے رسول ربانی
وطن مین پہنچے جو با فرحت و سرور نبی
تو آئے لینے کی خاطر تمام عمرانی
سنی خبر جو وصایت کی خوش ہوے مردم
کہا کہ ہوئے مبارک جہان کی سلطانی
ملے یہ جہوڑ کے سب تہنیت علی کو دی
نہین ہے بعد نبی آپ کا کوئی ثانی
دعا پہ ختم قصیدہ کرو اب اے جلیس
خدا قبول کرے یہہ مری ثنا خوانی
جو حاضرین ہین اب وہ سب کہین آمین
وہ دور ہو کہ جو مردم کو ہے پریشانی
ہر ایک شہر سے طاعون دور ہو جائے
بخار دفع ہو غلے کی بہی ہو ارزانی
جو شہرون مین ہین بیمار وہ شفا پائین
ادا ہون دین سبکبار ہون بآسانی
گناہ بخش دے ہم سب کے اے کریم و رحیم
رہے بعزت و حرمت یہ جشن کا بانی
رہین یہ شاد و فرحناک عافیت کے ساتہ
نواب مرزا ہین اس جشن خاص کے بانی
خدا کا شکر کہ اشارہ دین سے ہجری کی
ہے جشن عام کہ عابد حسین ہین بانی
رہین ہزار صد و ستی سال شاد دنیا مین
وہ دور ہو کہ جو بالفعل ہے پریشانی
رہین یہ زندہ سے ہین آباد و شاد فخر الملک
ہے انکے دم سے ہر طرح کی آسانی

قصیدہ در تہنیت جشن ولادت جناب خاتون جنت علیہا السلام

کون و مکان مین جشن ہے شور درود ہے
بنت علی کا آج جہان مین ورود ہے
بخشا انہین عروج تقرب کریم نے
چرخ برین کے اوج کی کیا بات وجود ہے
ہر سو ہے آج جشن ولادت کا جابجا
لب پر ہر ایک شخص کے پیہم درود ہے

مداح سیدہ کا ہے خود خالق ودود — مین مدح کیا کرون مری کیا ہست بود ہے
ہین دوستان سید لولاک شاد شاد — غمناک و درد مند گروہ حسود ہے
پڑھتے ہین ذوق شوق سے سب شکر کی نماز — ہوتی ہر ایک صرف رکوع و سجود ہے
گھر بیٹھے رزق پاتی ہے مخلوق صبح و شام — عالم مین سیدہ کا یہ سب فیض و جود ہے
تقسیم ہار ہوتے ہین ہے جشن کی خوشی — نکہت سی عطر و گل کی خجل مشک و عود ہے
ہم کسطرح نہ ہون مشتاق بجان و دل — خیر آل پاک اور کسی پہ درود ہے
اوسکی عنایتون کا بیان کس زبان سے ہو — خالق ہے کارساز ہے رب ودود ہے
کیونکر نہ فاطمہ کی غلامی کا دم بھرون — فیض ثنا سے میرے سخن کی نمود ہے
مرنیکے بعد ملتی ہین عقبیٰ کی نعمتین — زہرا کی خادمی سے یہ ہم سبکو سود ہے
فیض قدم سے سارے زمانے کو ہی قیام — نام جناب فاطمہ دین کا عمود ہے
گیارہ امام آپکے ہین بطن پاک سے — نعمات کبریا کا انہین سے وجود ہے
خیر الانام کرتے تھے تعظیم فاطمہ — دایم انہین پہ لطف خدای ودود ہے
بیٹے حسن حسین سے حق نے کئے عطا — پایا وہ ہے جو خاصہ رب ودود ہے
حوران عین کو فخر کنیزی کا ہے مدام — اس رتبہ و وقار کی یہ اہل جود ہے
بیٹی رسول حق کی ہین زوجہ علی کی ہین — فضل خدا سے دونون جہانمین نمود ہے
مصروف ہین عبادت خالق مین صبح و شام — ہر وقت یاد حق سے قیام و قعود ہے
صوم و صلوٰۃ و زہد و ورع کا ہی اختتام — زہرا کنیز خاص خدای ودود ہے
مسعود ہے جمادی الآخر کی بیسوین — بنت نبی کا آج جہان مین درود ہے

مداح سیدہ کا کیا کمترین کو
حرجیس پہ عنایت رب ودود ہے

سرکار میرے شاد ہین ای خدای پاک — ان سے دلون کے ملک کی ساری نمود ہے

قصیدہ تہنیت در جشن ولادت جناب خاتون جنت علیہا السلام

جناب فاطمہ زہرا کا یہ فیض نعمت ہے
رخوں سے مومن دیندار کے ظاہر مسرت ہے

جو حق پوچھو تو اے جرجیس یہ فیض مدحت ہے
کہ قبضے میں ریاض خلد ہے گلزار جنت ہے

کیوں داد سخن پائے مرا کہ مدح زہرا کا
بہم ہیں منتخب سامع عجب پاکیزہ صحبت ہے

حقیقت کیا ہماری جو ثنا ہے سیدہ لکھیں
کلام اللہ میں معبود خود مداح حضرت ہے

جو زوجہ ہے علی مرتضیٰ کی وہ ہوئی پیدا
جو دختر ہے رسول حق کی آج اسکی ولادت ہے

کرے تعظیم وہ جو باعث ایجاد عالم ہو
تعالی اللہ کیا مخدومہ عالم کی عزت ہے

وسیلہ مغفرت کا ہم گنہگاروں کو ہاتھ آیا
نہیں کچھ شک ہو سکتا عجب اسکی عنایت ہے

غلامان علی و فاطمہ مسرور ہیں سارے
خوشی ہیں قلب پہلو میں کہ جنت کی بشارت ہے

شفاعت خواہ محشر ہیں جناب سیدہ ہونگی
کہ فرزندوں سے بھی اپنے زیادہ پاس امت ہے

یونہی جاری رہیگا فیض معصومہ قیامت تک
کسیکی جود و بخشش کی بھلا یاں کیا حقیقت ہے

اسی معصومہ کے صدقے سے بر آئینگے سب مطلب
کہ جسکا آج کی شب جابجا جشن ولادت ہے

جو رتبے فاطمہ زہرا کے ہیں وہ کوئی کیا جانے
فلک بھی پست تر جس سے وہ ارفع شان شوکت ہے

خدا کے فضل سے یہ عزت و توقیر ملی ہے
کہ حوروں کی زبان پر مدحت خاتون جنت ہے

زبان خلق ساری خادمہ ہیں آپ مخدومہ
یہ رتبہ عرش داور آپکا ہے اور یہ عزت ہے

رہے ارفع شان و شوکت آپکی اے مریم کبرا
کہ بیٹی کو سلیماں کی ہمیشہ فخر خدمت ہے

دعائیہ ہیں یہ اشعار سب مومن کہیں آمین
نہیں یہ وقت خاموشی نہیں یہ وقت غفلت ہے

جو حاضر جشن میں ہیں سب مطالب انکے بر آئیں
ابھی وہ دور ہو جائے جو ان سب کی شکایت ہے

جو ہیں نادار انکو فیض و بخشش سے غنی کر دے
بر لائے ہم سبھوں کی یا خدا جو کچھ کہ حاجت ہے

جو ہیں بیمار اے شافی انہیں صحت عنایت کر
شریک حال ہم سب کے ہمیشہ تیری رحمت ہے

خداوند دو عالم ہو بس اب ارزانی غلہ
کہ اکثر مومنین محتاج ہین تکلیف عسرت سے

برآئین اوسکے سب مطلب جو ہین تم کا مانی
تصدق اوسکا یارب جسکا یہ جشن ولادت ہے

مدد جو جلیس کی کیجیے بڑے احمد و حیدر
نہ اس مداح کو آرام ہے نہ دل کو راحت ہے

رہینگے جبتلک زندہ رہیگی نظم کی کوشش
کہ مذہب مین ہماری مدحت زہرا عبادت ہے

مرے سرکار آسودہ رہین آفاق مین دائم
کہ اونکے شامل احوال زہرا کی عنایت ہے

قصیدہ درحال ولادت جناب خاتون جنت علیہا السلام

نہ دل مین فکر برزخ ہے نہ مطلق خوف محشر ہے
ثنا خوان سیدہ کا ہون مرا فردوس مین گھر ہے

مثال مہر و مہ روشن ہر اک اہل نظر پر ہے
شفیع امت خیر البشر زہرائے اطہر ہے

ثنا کیا ہو سکے عز و شرف عالم سے برتر ہے
کنیز خاص رب العالمین بنت پیمبر ہے

ولادت کا بپا ہے جشن بی بی کے الاوہ مین
عجب جلسہ ہے ستھرا جمع یان ہر اک تونگر ہے

نفاست سے بچھا ہے فرش سے آراستہ محفل
مشام جان ہر اک گلرو کا بو بون سے معطر ہے

تکلف کا ہے سامان روشنی کثرت سے ہے ہر سو
در و دیوار و سقف و بام سے رونق فزون تر ہے

بکثرت روشنی ہونیسے شب بھی دن کا ہے دہوکا
کنول ہر جا رکھا ہر ایک جا بانور گستر ہے

زمانہ بہر معطر ہے گل باغ محمدؐ سے
مہکتا ہے گھر خوشبوئے عبیر و مشک و عنبر ہے

کہا جاتا ہے ہر مومن بسان غنچہ خندان
فرحناک و شگفتہ قلب ہر اک نیک اختر ہے

بدن مین پر تکلف پیرہن ہین سر پہ شملے ہین
خوشی ایسی ہی طاری آج سے ہر شخص با سر ہے

گلے مین ہار پھولونکے ملے ہاتھون مین گلدستے
عیان چہرونسے عشرت ہے زبان پر حمد داور ہے

وہ مجمع ہے کہ تل دھرنے کی بھی جا گہ نہین خالی
کشاکش کیون نہ ہو کثرت مردم فزون تر ہے

تمامی حاضرین جشن منصف طبع و زیرک ہین
ہر اک خوش فکر ہے بے مثل و یکتا سخنور ہے

خوشی سے مومن دیندار آئے ہیں جلسے میں
صدف پر لکھوا دو بہر سامان عشرت کا فروزاں ہے

سماں کیا کی حاضرین میں خود مصور وا شریعنا ہے
گلوں کی عطر کی لپٹیں ہیں جاری ہر جگہ پر ہے

کوئی صل علی کہتا ہے ہیں فرط عشرت سے
کسی کے لب پہ جاری نعرۂ اللہ اکبر ہے

قصیدہ اپنے اپنے پڑھتے ہیں کتنے ہی شاعر
صدائے تحسین کی ہے ایسی کہ گوش آسمان کر ہے

جو ہیں اس جشن میں مردم وہ سب اہل بصیرت ہیں
سراپا باب عالم ہے سراپا صنف عنبر ہے

کھلی جاتی ہیں باچھیں صبح پیری جنت تازہ
ولادت کی خوشی سے ہر ایک مومن کو فرحان تر ہے

فضائل سیدہ کے سنکے مردم وجد کرتے ہیں
پیالے نعرۂ صل علی جاری زبان پر ہے

سعادت دو جہاں کی جانکو وا صف ترا شاعر
جو گویا ہے بہ فخر یہ وہ منبر پہ ثنا گر ہے

نہ ہے دعویٰ یکتائی نہ خوش گوئی کا ہے غرہ
خدا کا شکر خالی بہت نخوت سے مرا سر ہے

اثر ہے نظم میں ایسا کہ فوراً آپکے سنتے ہی
پگھل جاتا ہے وہ بھی خود بخود جو قلب پتھر ہے

عبادت میں مری شام و سحر اوقات کٹتی ہے
کبھی ہے مدحت حیدر کبھی وصف پیمبر ہے

ہر اک مصرعہ بنایا ایک لفظ پر تعریف ہی ہیم
کہ اعلیٰ نرم ہی موجود یاں ہر ایک جوہر ہے

دم نظارہ آنکھیں کیوں نہ مردم کی جھپک جائیں
ہماری نظم کا ہر نقطہ رشک مہر انور ہے

قصیدہ جو بعجلت کہہ لیا ہے اب سناتا ہوں
عجب کیا گر کہیں منصف یہ نظم خوب و بہتر ہے

جنہیں تمیز نیک و بد نہیں ان سے شکایت کیا
اگر بگڑا ہے وہ اس نظم کی حوائل جو بہتر ہے

اڑا جاتا ہے رنگ رخ گھٹا جاتا ہے خجلت سے
کشش جن کی فونکی حاسد کیلئے شمشیر و خنجر ہے

تمہیں ہی قدرداں مداح کا آفاق میں کوئی
ہمیشہ سے زمانہ زر پرستی و سفلہ پرور ہے

شکایت سے ہے کیا حاصل کرو مداحی زہرا
کہ اپنے دل میں جو یہ الفت آل پیمبر ہے

مقطع

قیامت میں بھلا سوچ حوادث کا کسے ڈر ہے
جہاز امت عاصی کی ذات پاک لنگر ہے

خوشا رفعت یہ فیض مدحت خاتون محشر ہے
کہ اسی چرخ حلیں ہیں پایۂ زینے کا منبر ہے

مطلع

نجف ہی اپنا میخانہ ازل سے دور ساغر ہے
خدا کے فضل سے پیر مغان ساقی کوثر ہے

نہیں ہی دانہ مشرب بادۂ رنگین سے کیا مطلب
مئے وحدت کا ہی جسکا ازل سے دور ساغر ہے

نتیجہ نیک ہی تشنہ کامان محبت کا
چہکائینگے علی گر جستجوئے آب کوثر ہے

گنہگاران امت کو مبارک گلشن جنت
ہوئی وہ آج پیدا جو شفیع روز محشر ہے

پدر ہین احمد مرسل علی مرتضی شوہر
پسر ہیں انکا اک شبر ہے اور ایک شبیر ہے

خدا نے سال بھر کے بعد یہ دن ہمکو دکہلایا
کہ پہر جشن ولادت فاطمہ کا آج گہر گہر ہے

مہکتا ہی زمانہ نکہت گلزار احمد سے
ہوئی ہے روح کو راحت مشام جان معطر ہے

کنیزین ہین زنان دوسرا اللہ رے رتبہ
ہر اک غلمان غلام انکا ملک ہر ایک چاکر ہے

کیا کرتی تہی خدمت فخر سے دختر سلیمان کی
انہین کا مرتبہ پیش خدا ہر اک سے برتر ہے

وسیلہ ہم گنہگارونکی بخشش کا یہی تو ہے
